Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 جمعرات، 11 مئی، 2023ء، 20 شوال المکرم 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 29

رانا ثناء اللہ نے مزید کہا کہ یہ ممی ڈیڈی کلچر کے لوگ ہیں۔ سوشل میڈیا پر ہی احتجاج کر سکتے ہیں، یہ لوگ 6 دن سے زیادہ جیل میں نہیں رہ سکتے

الیکشن 14 مئی کو نہیں، اسمبلیوں کی مدت پوری ہونے کے بعد ہوں گے، رانا ثناء اللہ

وزیرداخلہ نے کہا کہ آئین صرف پنجاب کی حد تک کیوں ہے؟ 50 فیصد آبادی والے صوبہ میں پہلے الیکشن سے حق تلفی ہوگی، تکبر، دھونس، دھمکی سے ضد کا معاملہ بن جاتا ہے

فتنہ 2014 سے ملک میں افراتفری پھیلانے کی کوشش کررہا ہے۔ جب یہ حکومت میں تھے تب بھی یہ سڑکوں پر تھے۔ اب جب یہ سڑکوں پر آئیں گے تو ان کا حال پہلے سے مختلف ہوگا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) وزیرداخلہ رانا ثناء اللہ خان کا کہنا ہے کہ الیکشن 14 مئی کو نہیں اسمبلیوں کی مدت پوری ہونے کے بعد ہوں گے۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فتنہ 2014 سے ملک میں افراتفری پھیلانے کی کوشش کررہا ہے۔ جب یہ حکومت میں تھے تب بھی یہ سڑکوں پر تھے۔ اب جب یہ سڑکوں پر آئیں گے تو ان کا حال پہلے سے مختلف ہوگا۔ رانا ثناء اللہ نے مزید کہا کہ یہ ممی ڈیڈی کلچر کے لوگ ہیں۔ سوشل میڈیا پر ہی احتجاج کر سکتے ہیں، یہ لوگ 6 دن سے زیادہ جیل میں نہیں رہ سکتے۔ وفاقی وزیرداخلہ کا کہنا تھا کہ الیکشن اسمبلیوں کی مدت پوری ہونے کے بعد ہوں گے۔ 14 مئی کو الیکشن نہیں ہوں گے، باقی اسمبلیوں کی مدت پوری ہونے کے بعد اکتوبر میں الیکشن ہوں گے۔ عدالت نے فیصلہ کیا لیکن اس پر عمل درآمد نہ ہونے کی کچھ وجوہات ہیں۔ وزیرداخلہ نے کہا کہ آئین صرف پنجاب کی حد تک کیوں ہے؟ 50 فیصد آبادی والے صوبہ میں پہلے الیکشن سے حق تلفی ہوگی، تکبر، دھونس، دھمکی سے ضد کا معاملہ بن جاتا ہے، 25 مئی کو الیکشن کی دھمکی نہ دیتا تو الیکشن ہو چکے ہوتے۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ حکومت پر اعتبار نہیں تو چیف جسٹس سے قتل کی انکوائری پر رضامند ہو جاؤ، انہوں نے الزامات سے انکار نہیں کیا، پھر تشدد کا پروپیگنڈا کرتے ہیں، شہباز گل کی باتیں بھی اس دائرے میں لائی جاسکتی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیرآباد میں عمران خان (بقیہ نمبر 8)

حکومت کا انتخابات سے قبل عوام کو بڑا ریلیف دینے کا پلان

تنخواہوں میں اضافے کے علاوہ پٹرول، ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کا منصوبہ تیار کرلیا گیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی حکومت نے انتخابات سے قبل عوام کو ریلیف دینے کے لیے تنخواہوں میں اضافے کے علاوہ پٹرول، ڈیزل کی قیمت میں کمی کا منصوبہ تیار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں ممکنہ طور پر انتخابات سے قبل وفاقی حکومت نے (بقیہ نمبر 3)

مجھ پر کوئی کیس نہیں، ذہنی طور پر جیل جانے کیلئے تیار ہوں، عمران خان

مہربانی کریں کوئی ڈرامہ نہ کریں اور وارنٹ لے کر آئیں، مجھ پر کوئی کیس نہیں، میں ذہنی طور پر گرفتاری کیلئے تیار ہوں

لاہور (نامہ نگار) چیئرمین تحریک انصاف و سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ مجھ پر کوئی کیس نہیں لیکن پھر بھی ذہنی طور پر جیل جانے کیلئے تیار ہوں۔ اسلام آباد روانگی سے قبل اپنے ویڈیو بیان میں عمران خان کا کہنا تھا کہ اس وقت قوم کی سب سے بڑی پارٹی (بقیہ نمبر 2)

توہین پارلیمنٹ بل 2023ء قومی اسمبلی میں پیش کر دیا گیا

قائمہ کمیٹی استحقاق کے چیئرمین نے بل پیش کیا، پارلیمان کی بے توقیری پر سزا اور جزا ہونی چاہیے، رانا قاسم نون

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) قومی اسمبلی میں توہین پارلیمنٹ بل 2023 پیش کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق قائمہ کمیٹی استحقاق کے چیئرمین رانا قاسم نون نے توہین پارلیمنٹ بل 2023 قومی اسمبلی میں پیش کیا ہے۔ رانا قاسم نون نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں آج (بقیہ نمبر 4)

عمران خان کی گرفتاری کے بعد کیس کی سماعت دوبارہ شروع ہوئی، چیف جسٹس نے استفسار کیا سیکریٹری داخلہ موجود کیوں نہیں ہیں، 15 منٹ کا وقت دیا تھا 45 منٹ گزر گئے

آنکھیں بند کرکے غیرقانونی عمل پر خاموش نہیں رہوں گا، چیف جسٹس

چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کا کہنا تھا کہ عدالت کیساتھ مذاق بند کیا جائے، آئی جی پولیس روسٹرم پر آجائیں، آئی جی اسلام آباد نے بتایا کہ نیب نے عمران خان کو گرفتار کیا وارنٹ میرے پاس موجود ہیں

اسلام آباد (فیصل ندیم سے) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ڈی جی نیب اور پراسیکیوٹر جنرل نیب کو طلب کرلیا اور کہا آنکھیں بند کرکے غیرقانونی عمل پر خاموش نہیں رہوں گا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے بعد کیس کی سماعت دوبارہ شروع ہوئی، چیف جسٹس نے استفسار کیا سیکریٹری داخلہ موجود کیوں نہیں ہیں، 15 منٹ کا وقت دیا تھا 45 منٹ گزر گئے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کا کہنا تھا کہ عدالت کیساتھ مذاق بند کیا جائے، آئی جی پولیس روسٹرم پر آجائیں، آئی جی اسلام آباد نے بتایا کہ نیب نے عمران خان کو گرفتار کیا وارنٹ میرے پاس موجود ہیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ جس پر نیب نے گرفتار نہیں کیا، سلمان صفدر ایڈووکیٹ نے بتایا کہ عمران خان کو تشدد کرکے گرفتار کیا گیا ہے، عمران خان کیساتھ بیرسٹر گوہر علی بھی تشدد کا شکار ہوئے، تو چیف جسٹس نے جواب میں کہا کیا۔ دوران سماعت ایڈیشنل سیکریٹری داخلہ بھی اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچ گئے، چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے عدالت کیساتھ یہ کیا مذاق کیا جارہا ہے، ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے بتایا کہ نیب ایک غیرجانبدار ادارہ ہے۔ جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ نیب غیرجانبدار ادارہ ہے تو رینجرز وزارت داخلہ کے انڈر ہے، وفاق اپنی ذمہ داریوں سے بھاگ نہیں سکتا، آنکھیں بند کرکے غیرقانونی عمل پر خاموش نہیں رہوں گا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ گرفتاریوں کے حوالے سے قانون واضح ہے، اس بار ہائیکورٹ پر حملہ کرکے گرفتاری عمل میں لائی گئی، ہائیکورٹ کی انسٹیٹیوشن برانچ میں توڑ پھوڑ کی گئی ہے۔ انہوں نے مزید ریمارکس دیئے کہ میں اس واقع پر سمجھنا چاہتا ہوں۔

لندن: وزیراعظم نے لندن میں اپنے قیام میں ایک دن کا اضافہ کردیا

چیئرمین پیمرا کا میڈیا لائسنس معطل کرنے کا اختیار کالعدم

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) کے چیئرمین کے پاس کسی براڈکاسٹ میڈیا لائسنس کو معطل کرنے کا اختیار نہیں (بقیہ نمبر 6)

عمران خان کی گرفتاری پر نیب کا اعلامیہ سامنے آگیا

عمران خان کی گرفتاری کی ہدایت چیئرمین نیب نے دی، اعلامیہ

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو نیب راولپنڈی منتقل کر دیا گیا۔ عمران خان کا طبی معائنہ کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق عمران خان کے وارنٹ گرفتاری چیئرمین نیب کے دستخط سے جاری ہوئے۔ عمران خان کی گرفتاری کے بعد نیب کا اعلامیہ بھی سامنے آ گیا (بقیہ نمبر 7)

عمران خان کی گرفتاری پر ملک گیر احتجاج، پولیس سے جھڑپیں، پنجاب میں موبائل سروس بند

پنجاب اور کے پی میں مختلف شہروں میں کارکنوں نے احتجاج کرتے ہوئے سڑکیں بلاک کردیں

پولیس نے پی ٹی آئی کے رکن سندھ اسمبلی شاہ نواز جدون کو ہنگامہ آرائی کرنے کے الزام میں گرفتار کرکے نامعلوم مقام پر منتقل کردیا

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) تحریک انصاف نے اپنے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے خلاف ملک بھر میں احتجاج کی کال دے دی جس پر کئی شہروں میں پی ٹی آئی کارکنوں ل سے سڑکیں بند کردیں، پنجاب کی نگراں حکومت نے امن وامان کے قیام کے لیے رینجرز کو طلب کرکے موبائل فون (بقیہ نمبر 1)

فیصل آباد، مختلف حادثات میں 8 سالہ بچے سمیت 2 افراد جاں بحق، ایک زخمی

ریسکیو کی امدادی ٹیم نے نعش ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کرکے پولیس حکام کے حوالے کردی

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) فیصل آباد مختلف حادثات میں 8 سالہ بچے سمیت 2 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد میں ٹریفک کے دو مختلف حادثات میں 8 سالہ بچے سمیت 2 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا۔ سمندری تھانہ ٹی کے علاقہ 469 گ۔ب کے قریب 16 سالہ فیضان علی اور 8 سالہ شہروز سڑک سے گزر رہے تھے کہ شہری طرف سے آنے والے تیز رفتار کیری ڈبے نے انہیں ٹکر ماردی، حادثے میں دونوں بچے شدید زخمی ہوگئے انہیں سول ہسپتال لایا گیا جہاں سے (بقیہ نمبر 63)

اب صرف قانون حرکت کرے گا، قانون کسی کے تابع نہیں، خواجہ آصف

قید میں لاڈلے کی انا کی تسکین کیلئے اذیتیں دی جاتیں تھیں، عمران خان کے دور میں بیٹیوں، بہنوں کو بھی نیب نے گرفتار کیا

اقتدار میں عمران خان نے نیب نیب بہت کھیلا، فرمائشی گرفتاریاں ہوتی تھیں اور لاڈلا ضد کرتا ضد پوری ہوتی تھی، وزیردفاع

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) وزیردفاع خواجہ آصف نے سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری پر ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ اقتدار میں عمران خان نے نیب نیب بہت کھیلا، فرمائشی گرفتاریاں ہوتی تھیں اور لاڈلا ضد کرتا ضد پوری ہوتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ قید (بقیہ نمبر 13)

گزشتہ گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 16 کیس رپورٹ، 8 مریضوں کی حالت تشویش ناک

ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے ایک ہزار 577 ٹیسٹ کیے گئے؛ قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ)

مثبت کیسز کی شرح 0.39 فیصد رہی جبکہ کراچی میں کیے گئے 127 ٹیسٹوں میں سے 3 ٹیسٹ مثبت آئے اور وہاں پر شرح 2.36 فیصد رہی

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 16 کیس رپورٹ ہوئے اور 8 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ منگل کو قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے ایک ہزار 577 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 16 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے اس طرح مثبت کیسز کی شرح 1.01 فیصد رہی اور اس دوران کورونا وائرس سے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 8 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران لاہور میں 258 ٹیسٹ کئے گئے جن میں سے ایک ٹیسٹ مثبت آیا اور وہاں پر مثبت کیسز کی شرح 0.39 فیصد رہی جبکہ کراچی میں کئے گئے 127 ٹیسٹوں میں سے 3 ٹیسٹ (بقیہ نمبر 33)

لاہور: توہین پارلیمنٹ کا واویلا کرنے والے پہلے اپنے گریبان میں جھانکیں: پرویز الٰہی

عمران خان کی گرفتاری نواز شریف اور شہباز شریف کی ہدایت پر ہوئی، پرویز الٰہی

تحریک انصاف کے صدر چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان اس وقت پوری قوم کے نمائندہ لیڈر ہیں

سابق وزیراعلی پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ عمران خان کے خلاف کارروائی کرنے والوں کا سیاسی مستقبل خراب ہوجائے گا

لاہور (خصوصی رپورٹر) سابق وزیراعلی پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کی شدید مذمت کی۔ اپنے مذمتی بیان میں تحریک انصاف کے صدر چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان اس وقت پوری قوم کے نمائندہ لیڈر ہیں، ان کے خلاف جو لوگ یہ سب کچھ کررہے ہیں ان کو سمجھ لینا چاہئے کہ اب قوم عمران خان کے ساتھ ہے، نوجوان، خواتین، طلبا و طالبات، سول سوسائٹی اور تمام محب وطن پاکستانی عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ سابق وزیراعلی پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ عمران خان کے خلاف کارروائی کرنے والوں کا سیاسی مستقبل خراب ہوجائے گا اور ان کو منہ چھپانے کی جگہ نہیں ملے گی، عمران خان کا پیغام ہے کہ تمام لوگ پرامن احتجاج کریں، اس وقت عمران خان (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: عمران خان کو نیب نے گرفتار کیا، ہمارا نیب پر کوئی کنٹرول نہیں: وزیرداخلہ رانا ثنا اللہ

عمران خان کی گرفتاری پر PTI رہنماؤں کا ردِعمل

عمران خان پر دوران گرفتاری تشدد کسی صورت قابل قبول نہیں، حماد اظہر

حماد اظہر نے کہا ہے کہ عمران خان نیکوئی گناہ نہیں کیا، کوئی لاکھوں کروڑوں روپے نہیں لوٹے

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریکِ انصاف کے رہنما حماد اظہر نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری پر کہا ہے کہ عمران خان پر دورانِ گرفتاری تشدد کرنے کی اطلاعات آ رہی ہیں۔ حماد اظہر نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج عالم اسلام کے لیڈر کو گرفتار کیا گیا ہے، عمران خان پر دوران گرفتاری تشدد کرنے کی اطلاعات آ رہی ہیں، عمران خان پر دوران گرفتاری تشدد کسی صورت قابل قبول نہیں۔ حماد اظہر نے لکھا ہے کہ عمران خان ہماری ریڈلائن (بقیہ نمبر 34)

عمران خان کی گرفتاری پر اسلام آباد پولیس کا بیان آگیا

عمران خان کو قادر ٹرسٹ کیس میں گرفتار کیا گیا، حالات معمول کے مطابق ہیں

عمران خان کی گاڑی کے گرد پولیس کا حفاظتی حصار ہے۔ آئی جی اسلام آباد پولیس

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو گرفتار کرلیا گیا۔ آج اسلام آباد ہائیکورٹ پیشی پر رینجرز نے سابق وزیراعظم کو حراست میں لیا۔ عمران خان کو اسلام آباد ہائیکورٹ احاطے سے گرفتار کیا گیا۔ رپورٹس کے مطابق نیب نے القادر ٹرسٹ کیس میں سابق وزیراعظم کو گرفتار کیا، عمران خان کی گرفتاری کے دوران وکلا اور پولیس میں بھی ہاتھا پائی ہوئی۔ عمران خان کی گرفتاری پر اسلام آباد پولیس کا بیان آ گیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق آئی جی اسلام آباد کا کہنا ہے کہ (بقیہ نمبر 35)

راولپنڈی: پی اے سی میں ججوں کو دھمکی عدلیہ سے کھلی جنگ کے مترادف ہے: شیخ رشید

عمران خان کی گرفتاری سے چند لمحے پہلے کی ویڈیو سامنے آگئی

سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی ویڈیوز اور تصاویر میں موقع پر شور شرابا سنا جاسکتا ہے

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری سے چند لمحات قبل کی ویڈیوز اور تصاویر منظر عام پر آ گئیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان بائیو میٹرک کروانے کے لیے جیسے ہی اسلام آباد ہائی کورٹ کے متعلقہ آفس جانے لگے تو راستے میں انہیں رینجرز نے حراست میں لے لیا۔ سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی ویڈیوز اور تصاویر میں موقع پر شور شرابا سنا جاسکتا ہے۔ سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری سے چند لمحات قبل کی ویڈیوز اور تصاویر منظر عام پر آگئیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران (بقیہ نمبر 40)

عمران خان کی گرفتاری پر زمان پارک کے سامنے کارکنوں کا احتجاج

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری پر لاہور میں واقع اُن کی رہائش گاہ زمان پارک کے سامنے کینال روڈ پر پی ٹی آئی کارکنوں کی جانب سے احتجاج کیا جا رہا ہے۔ عمران خان کی گرفتاری کے خلاف پی ٹی آئی کے کارکنوں نے زمان پارک کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے کینال روڈ بلاک کر دیا ہے (بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف موثر کاروائیاں

14 ملزمان گرفتار، 13 کلو سے زائد چرس اور 450 گرام ہیروئن برآمد

منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی،، ایس ایس پی آپریشنز

راولپنڈی (خبر نگار) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف موثر کاروائیاں، لیڈی منشیات فروشوں سمیت 14 ملزمان گرفتار، 13 کلو سے زائد چرس اور 450 گرام ہیروئن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات دھمیال پولیس نے لیڈی منشیات فروش سونیا سے 02 کلو 260 گرام چرس، ملزم بلال سے 01 کلو 740 گرام چرس اور ملزم الیاس سے 350 گرام چرس، صدر بیرونی پولیس نے ملزم سجاد سے 01 کلو 230 گرام چرس، ملزم عاقب سے 520 گرام اور ملزم فضل سے 530 گرام چرس، رتہ امرال پولیس نے ملزم اظہر محمود سے 01 کلو 300 گرام چرس، پیرودہائی پولیس نے ملزم عامر سے 01 کلو 260 گرام چرس، ملزم بلال سے 540 گرام چرس، ملزم شاہ زیب سے 630 گرام چرس، ملزم گل شاہ سے 620 گرام چرس، ملزم دانش سے 01 کلو 280 گرام چرس، ملزم شوکت سے 450 گرام ہیروئن، (بقیہ نمبر 38)

معیشت سدھارنے کے لیے تحریک انصاف نے اپنا ہوم ورک مکمل کرلیا: مزمل اسلم

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما مزمل اسلم کا کہنا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے معیشت سدھارنے کے لیے اپنا ہوم ورک مکمل کر لیا ہے، باقی جماعتوں کا علم نہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کے رہنما مزمل اسلم نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے ٹویٹ میں کہا کہ (بقیہ نمبر 37)

تحریک انصاف نے کراچی میں پہیہ جام ہڑتال کی کال دیدی

پہیہ جام ہڑتال کے لئے تحریک انصاف نے ٹرانسپورٹرز سے ہڑتال کامیاب کرنے کی درخواست کردی

کراچی (جنرل رپورٹر) تحریک انصاف نے کراچی میں پہیہ جام ہڑتال کی کال دیتے ہوئے ٹرانسپورٹرز سے ہڑتال کامیاب کرنے کی درخواست کردی۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری پر تحریک انصاف نے کراچی میں پہیہ جام ہڑتال کی کال دے دی۔ پہیہ جام ہڑتال کے لئے تحریک انصاف نے ٹرانسپورٹرز سے ہڑتال کامیاب کرنے کی درخواست کردی۔ دوسری جانب پی ٹی آئی سندھ کے صدر علی زیدی کا سندھ بھر میں احتجاج کا اعلان کردیا اور پی ٹی (بقیہ نمبر 36)

اینٹی نارکوٹکس فورس کی ملک بھر میں منشیات کے خلاف کارروائیاں

لاہور میں واقع نجی کوریئر آفس میں لندن سے آئے پارسل سے 50 گرام ویڈ برآمد کرلی گئی

پیاز سے لدے مزدا ٹرک سے 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کرکے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس نے ملک بھر میں انسداد منشیات کارروائیوں کے دوران بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلیں۔ ترجمان کے مطابق اے این ایف اور اے ایس ایف نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر مشترکہ کارروائی کے دوران بحرین جانے والے ملزم کے ٹرالی بیگ سے 2 کلو 836 گرام آئس برآمد کرکے ایبٹ آباد کا رہائشی ملزم گرفتار کرلیا۔ اسلام آباد سنگجانی ٹول پلازہ پر پیاز سے لدے مزدا ٹرک سے 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کرکے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ سیالکوٹ میں واقع نجی کوریئر آفس میں بڑی کارروائی کے دوران نیوزی لینڈ اور امریکا بھیجے جانے والے پارسلز سے 2 کلو 760 گرام آئس برآمد کر لی گئی۔ برآمد شدہ آئس دستانوں میں چھپائی گئی تھی۔ لاہور میں واقع نجی کوریئر آفس میں لندن سے آئے پارسل سے 50 گرام ویڈ برآمد کر لی گئی۔ لاہور انٹرنیشنل ایئرپورٹ کارگو کے ذریعے آسٹریلیا بھیجے جانے والی 182 ٹی شرٹس میں جذب شدہ آئس برآمد کر لی گئی (بقیہ نمبر 41)

پی ٹی آئی کے صدر چوہدری پرویز الٰہی نے اپنے ہی قائد عمران خان کے الزامات مسترد کردیے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے صدر چوہدری پرویز الٰہی نے اپنے ہی قائد عمران خان کے الزامات مسترد کر دیئے۔ ایک انٹرویو میں چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ فوجی افسران کے خلاف ایف آئی آر خود میں نے رکوائی تھی کیوں کہ اس میں ٹیکنیکل مسائل تھے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے عمران خان نے وزیراعلی بنایا تھا، ایسی بات کیسے کرتا جس سے عمران خان کو ذہنی اذیت ہوتی، ہم نے کہا تھا کہ اپنی مرضی کے لوگ لگالیں، ہمیں اعتراض نہیں۔ چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ انہوں (بقیہ نمبر 42)

ٹیکسلا پولیس کی کاروائی، فائرنگ کرکے شہری کو زخمی کرنے کے مقدمہ میں ملوث نامزد ملزم گرفتار

راولپنڈی (نامہ نگار) ٹیکسلا پولیس کی کاروائی، فائرنگ کرکے شہری کو زخمی کرنے کے مقدمہ میں ملوث نامزد ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے سابقہ رنجش کی بناء پر فائرنگ کرکے شہری کو زخمی کرنے کے مقدمہ میں ملوث نامزد ملزم قلات خان کو گرفتار کرلیا، ملزم کے خلاف متاثرہ شہری کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا گیا تھا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا (بقیہ نمبر 43)

اجتماعی کوششوں کی بدولت چھاتی کے کینسر کے خلاف آگاہی میں خاطر خواہ کامیابی ملی، بیگم ثمینہ عارف علوی

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) خاتون اول بیگم ثمینہ عارف علوی نے کہا ہے کہ تاجر برادری خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کے لیے اپنا کردار ادا کرے، اجتماعی کوششوں کی بدولت چھاتی کے کینسر کے خلاف آگاہی میں خاطر خواہ کامیابی ملی، کسی بھی ملک کی معاشی و اقتصادی ترقی میں بزنس کمیونٹی کلیدی اہمیت رکھتی ہے بریسٹ کینسر کے حوالے سے ذرائع ابلاغ کا کردار قابل ستائش ہے۔ ان خیالات (بقیہ نمبر 44)

عمران خان کو گرفتار کرتے ہوئے تشدد بھی کیا گیا، مسرت جمشید کا دعویٰ

چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری کے دوران وکلا اور پولیس میں ہاتھا پائی بھی ہوئی

انسداد دہشتگردی عدالت نے سات مقدمات میں عمران خان کی عبوری ضمانتیں 30 مئی تک منظور کرلیں، پی ٹی آئی رہنماء

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) رینجرز نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو حراست میں لے لیا ہے۔ سابق وزیراعظم کو اسلام آباد ہائیکورٹ احاطے سے گرفتار کیا گیا۔ ترجمان چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان مسرت جمشید چیمہ نے دعویٰ کیا ہے کہ عمران خان کو گرفتار کرتے ہوئے تشدد بھی کیا گیا۔ انہوں نے کہا معلوم نہیں آگے عمران خان کے ساتھ کیا کیا جائے گا۔ عمران خان کی گرفتاری کے دوران وکلا اور پولیس میں ہاتھا پائی بھی ہوئی۔۔ قبل ازیں انسداد دہشتگردی کی عدالت میں عمران خان کی 7 مقدمات میں ضمانت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب (بقیہ نمبر45)

اسلام آباد: عمران خان کی گرفتاری کے خلاف کیس، اسلام آباد ہائی کورٹ نے فیصلہ محفوظ کرلیا

اے ٹی سی نے عمران خان کی 7 مقدمات میں ضمانت منظور کرلی

سات مقدمات میں عمران خان کی عبوری ضمانتیں 30 مئی تک منظور کرلیں

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) اے ٹی سی نے پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی 7 مقدمات میں ضمانت منظور کرلی۔ تفصیلات کے مطابق انسداد دہشتگردی کی عدالت میں عمران خان کی 7 مقدمات میں ضمانت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب پر مشتمل اسلام آباد ہائی کورٹ کے 2 رکنی ڈویژن بنچ نے 7 مقدمات پر (بقیہ نمبر 46)

فیصل آباد، رکھ برانچ نہر سے نامعلوم نوجوان کی تشدد زدہ نعش برآمد

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد نہر سے نوجوان کی تشدد زدہ نعش برآمد، پولیس نے تحویل میں لیکر قانونی کارروائی شروع کردی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ڈجکوٹ کے (بقیہ نمبر 47)

محمد عامر خان نیازی کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کرکے رپورٹ پیش (بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد: اسلام آباد ہائیکورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی کی عدالتی احاطے سے گرفتاری کے کیس کا فیصلہ محفوظ کرلیا

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

عالمی یوم مزدور

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے یوم مزدور پر اپنے پیغام میں مزدوروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ معاشی خوشحالی میں اپنا حصہ ڈالنے کے باوجود محنت کشوں کو متعدد مسائل کا سامنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مزدور کو غیر محفوظ ماحول، مزدوری کے غیر منصفانہ طریقے اور کم اجرت جیسے مسائل کا سامنا ہے جبکہ عدم تحفظ کے ساتھ ساتھ کام کی جگہ پر خواتین کو ہراسگی جیسے مسائل بھی درپیش ہیں۔ صدر مملکت کا کہنا تھا کہ پاکستان کے پاس بہت بڑی لیبر فورس اور نوجوانوں کی تعداد ہے، وفاقی اور صوبائی حکومتیں مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات اور ہنر فراہم کرنے کی کوششیں جاری رکھیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ یوم مزدور محنت کے تقدس اور وقار کی علامت ہے، اِس دن پوری قوم محنت کش طبقے کو شاندار خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم ملک کی ترقی میں مزدوروں کے کردار اور معاونت کو سراہتی ہے جبکہ اسلام سماجی انصاف، مساوات اور انسانی حقوق کے احترام کے اصولوں پر زور دیتا ہے، اسلام نے عالمی لیبر قوانین سے بہت پہلے ہی مزدوروں کے حقوق سے متعلق رہنما اصول طے کردیئے تھے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ مزدور اور تاجر پیداواری عمل میں شراکت دار ہیں، موجودہ حکومت محنت کشوں کے کام کرنے اور زندگی گزارنے کے حالات کو بہتر بنانے کیلئے پرعزم ہے، حکومت نے مزدوروں کی کم از کم اجرت17,500 ہزار ماہانہ سے بڑھا کر 25,000 ہزار روپے کردی ہے۔ سابق صدر آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں کہا پیپلز پارٹی محنت کشوں کی جماعت ہے اور دوبارہ اقتدار میں آ کر یہ مزدوروں کی مشکلات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرے گی۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا مزدوروں و کسانوں کو اسمبلیوں میں نمائندگی دلائیں گے جبکہ آئندہ عام انتخابات میں اگر عوام نے مینڈیٹ دیا تو پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کی طرح ملک بھر کے مزدوروں کے لئے بھی بینظیر مزدور کارڈ جیسی سکیمیں شروع کرے گی۔ مزدوروں کے عالمی دن پر وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد قومی صنعتی تعلقات کمیشن) این آئی آر سی (کے آٹھ ارکان کی تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ این آئی آر سی محنت کشوں کی انجمنوں کی رجسٹریشن بھی کرتا ہے، گزشتہ نو ماہ سے یہ عہدے خالی تھے، کابینہ نے وزارت اطلاعات کی سمری پر اب اِن تقرریوں کی منظوری دے دی ہے۔ مزدوروں کی جدوجہد ہزاروں سال پر محیط ہے اور آج بھی جاری ہے۔ ایک زمانہ تھا کہ مزدوروں سے 16، 16 گھنٹے جانوروں کی طرح کام لیا جاتا تھا، تنخواہ یا اجرت برائے نام تھی، اوور ٹائم کا تصور تک نہ تھا، دوران ڈیوٹی اگر کوئی مرجائے تو اس کا ذمہ دار بھی خود مزدور یا اس کے لواحقین ہی تھے اور کفن دفن کے تمام اخراجات بھی انہی کے ذمے ہوتے تھے، زخمی ہونے والے مزدور کے علاج کیلئے بھی مِل یا فیکٹری کی طرف سے سہولت کا کوئی قانون نہ تھا، مزدور کی ملازمت کا فیصلہ بھی مالک کے رحم و کرم پر تھا، چھٹی کا کوئی تصور نہ تھا اور چھوٹی چھوٹی بات پر جھڑکیں اور تشدد مزدور کا نصیب تھا۔ صدیوں سے جاری اِسی ظلم کے دوران مئی 1886 میں شکاگو میں پیش آنے والا تاریخ ساز واقعہ مزدوروں کی تحریک کا ایک اہم موڑ ثابت ہوا۔ مزدوروں کی آواز یکم مئی 1886 میں امریکہ کے صنعتی شہر شکاگو سے اٹھی اور ایک تحریک کی شکل اختیار کرگئی۔ 16، 16 گھنٹے کام کرنے والے مزدوروں میں آٹھ گھنٹے کام کرنے کا نعرہ بلند کیا، 1200 فیکٹریوں کے ساڑھے تین لاکھ سے زائد مزدوروں نے تمام سامراجی طاقتوں اور سرمایہ داروں کو ہلا کر رکھ دیا، ہڑتال سے نمٹنے کیلئے مقامی سرمایہ داروں نے اسلحہ اور دیگر سامان پولیس کو مہیا کیا۔ یکم اور دو مئی کو ہڑتال کامیاب اور پر امن رہی تاہم تیسرے دن ایک فیکٹری کے اندر پولیس نے پرامن اور نہتے مزدوروں پر فائرنگ کردی جس کی وجہ سے چار مزدور ہلاک اور بہت سے زخمی ہوگئے۔ اِس واقعے کے خلاف تحریک کے منتظمین نے اگلے ہی روز چار مئی کو ایک بڑے احتجاجی جلسے کا اعلان کیا۔ جلسے میں آخری مقرر کے خطاب کے دوران پولیس نے فائرنگ کردی جس سے بہت سے مزدور ہلاک اور زخمی ہوگئے۔ پولیس نے الزام لگایا کہ مظاہرین میں سے ان پر گرینیڈ سے حملہ کیا گیا جس کی وجہ سے ایک پولیس اہلکار ہلاک جبکہ کئی زخمی ہوگئے۔ پولیس نے اِس حملے کو بہانہ بنا کر گھر گھر چھاپے مارے اور بائیں بازو کے افراد اور مزدور رہنماں کو گرفتار کرلیا۔ ایک جعلی مقدمے میں آٹھ مزدور رہنماں کو سزائے موت سنائی گئی جن میں سے چار کو 11 نومبر 1887 کو پھانسی دے دی گئی جبکہ ایک مزدور نے جیل میں خودکشی کرلی تاہم باقی تینوں مزدوروں کو1893 میں معافی دے کر رہا کردیا گیا۔ مئی کی اِس مزدور تحریک نے آنے والے دنوں میں طبقاتی جدوجہد کے متعلق شعور میں انتہائی اضافہ کیا۔ کہا جاتا ہے کہ جب مزدوروں پر فائرنگ ہورہی تھی تو ایک مزدور نے اپنا سفید جھنڈا زخمی مزدور کے خون میں سرخ کرکے ہوا میں لہرادیا جس کے بعد سے مزدور تحریک کا جھنڈا ہمیشہ سرخ رہا۔ 1889 میں آئندہ سال (1890) یکم مئی کو یوم مزدور کے طور پر منانے کا اعلان کیا گیا جس کے بعد سے یہ دن عالمی یوم مزدور کے طور پر منایا جانے لگا۔ یکم مئی 1972 کو پاکستان کی حکومت نے پہلی مرتبہ باضابطہ طور پر سرکاری سطح پر اسے محنت کشوں کا دن قرار دیا۔ تب سے اب تک ہر سال یکم مئی کو ملک میں عام تعطیل ہوتی ہے۔ اِس روز دنیا بھر کے محنت کش شکاگو کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے جلسے، جلوس، ریلیاں، سیمینارز وغیرہ منعقد کرکے اِس عزم کا اظہار کرتے ہیں۔

گندم کی ریکارڈ پیداوار اور عوام

مصطفیٰ کمال پاشا

پاکستان کے خلاف ففتھ جنریشن وار ایک عرصے سے جاری ہے اور اس جنگ کے طے کردہ اہداف پر بڑی سرعت اور منظم طریقے سے کام ہورہا ہے اور دشمن بڑی حد تک طے کردہ اہداف حاصل بھی کر چکا ہے۔ پاکستان میں جاری افراتفری، سیاسی انارکی، معاشی بدحالی اور سماجی ٹوٹ پھوٹ اسی جنگ کے تباہ کن نتائج ہیں یہ جنگ فضا اور خلا میں اس طرح لڑی جاتی ہے کہ جس ملک یا قوم کے خلاف مورچہ بندی کی جاتی ہے اس کے اپنے ہی عوام، داخلی عوامل، سیاست دان، قانون دان، عساکر اور دیگر طبقات اس جنگ میں شامل کرلئے جاتے ہیں، بہت کم لوگ شعوری طور پر شریک ہوتے ہیں زیادہ تر عالمین بھول پن سے ایسی تخریب کاری میں شریک ہوجاتے ہیں۔ پاکستان کا جاری بحران جو ریاست کو ناکامی کی طرف لے جارہا ہے، اسی جنگ کی کامیابی کا نتیجہ ہے پاکستان کا طاقتور ترین ادارہ، ہماری عسکری اسٹیبلشمنٹ، اپنا سر چھپائے نیوٹرل ہو چکی ہے ہر گلی محلے میں اس کے سیاسی کردار پر غلاظت اچھالی جارہی ہے، سیاست میں مداخلت، حکومتیں بنانے، ہٹانے اور سیاست دانوں کو جلانے کا کام تو فوج طویل عرصے سے کررہی ہے اور فوج کا یہ کردار کوئی ڈھکا چھپا نہیں تھا لیکن کچھ ہی عرصہ پہلے سے فوج کے اس کردار کو بڑے گھنانے انداز میں پیش کیا جانا شروع کردیا گیا۔ فوج میں تقسیم کا تاثر بھی قائم کردیا گیا ہے۔ سوشل میڈیا کے ذریعے گندگی پھیلائی جا رہی ہے، سپریم کورٹ نے کوئی پہلی مرتبہ اس طرح کے فیصلے نہیں جاری کئے جس سے فرائض کی حمایت اور مخالفت کا تاثر پیدا ہوا ہے۔ سپریم کورٹ قیام پاکستان کے بعد سے ہی اسی قسم کے فیصلے کرنے کے حوالے سے شہرت رکھتی ہے لیکن اب ایسے فیصلے اچھالے جا رہے ہیں۔ سپریم کورٹ کے ججوں کے درمیان گروہ بندی طشت از بام ہو چکی ہے ایسے لگ رہا ہے کہ جیسے یہ آئینی ادارہ مکمل طور پر بے اعتبار ہو گیا ہے اپنی وقعت کھو چکا ہے، حقائق اپنی جگہ موجود ہیں۔ جانبداری بھی واضح ہے لیکن یہ سب کچھ نیا تو نہیں ہے لیکن اس سب کچھ کو جس طرح قومی سیاسی منظر پر پھیلایا جا چکا ہے وہ اسی جنگ کے زیر اثر نظر آ رہا ہے۔ کیا آج کل جو سیاست میں ہورہا ہے وہ اس سے پہلے نہیں ہوتا رہا ہے۔ کیا ماضی قریب میں سیاست دان اسی طرح نہیں لڑتے رہے ہیں۔

سمارٹ ہومز سے گیجٹس تک: آئی او ٹی ٹیکنالوجی کا عروج

انٹرنیٹ آف تھنگز یا آئی او ٹی حالیہ برسوں میں ایک عمومی لفظ بن گیا ہے۔ آئی او ٹی سے مراد فزیکل ڈیوائسز، گاڑیاں، گھریلو آلات، سینسرز، سافٹ ویئر اور نیٹ و کنیکٹیویٹی کا نیٹ ورک ہے، جو انہیں ڈیٹا اکٹھا کرنے اور شیئر کرنے کے قابل بناتا ہے۔ یہ آلات سادہ سینسرز سے لے کر پیچیدہ مشینوں تک ہوسکتے ہیں اور حقیقی وقت میں

تحریر: واصف ہمدانی

ڈیٹا اکٹھا اور تبادلہ کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔

آئی او ٹی کو پہلی بار 1999 میں کیون ایشٹن نے ایک ایسے نظام کے طور پر متعارف کرایا تھا جہاں روزمرہ کی چیزوں کو انٹرنیٹ سے منسلک کیا جا سکتا تھا اور ایک دوسرے سے بات چیت کی جا سکتی تھی۔ 2000 کی دہائی کے اوائل میں، پہلے آئی او ٹی آلات بنائے گئے تھے، جیسے چھوٹے ٹیگ جو چیزوں پر لگائے جاسکتے ہیں تاکہ ان پر نظر رکھنے میں مدد مل سکے۔ نتیجے کے طور پر، مختلف شعبوں میں نئے آئی او ٹی آلات اور ایپلیکیشنز کا پھیلا ہوا ہے۔ مثال کے طور پر، اب ہمارے پاس سمارٹ ہوم ڈیوائسز ہیں جو لائٹس سے لے کر تھرموسٹیٹ تک سیکیورٹی کیمروں تک ہر چیز کو کنٹرول کرسکتی ہیں۔ پہننے کے قابل آلات جیسے فٹنس ٹریکرز اور سمارٹ واچز بھی زیادہ مقبول ہورہے ہیں۔ آئی او ٹی میں ایک اور اہم پیش رفت کلاؤڈ کمپیوٹنگ اور بڑے ڈیٹا اینالیٹکس کی ترقی ہے۔ ان ٹکنالوجیوں نے آئی او ٹی ڈیوائسز کے ذریعہ تیار کردہ ڈیٹا کی بڑی مقدار کو ذخیرہ کرنا اور تجزیہ کرنا ممکن بنایا ہے،

یہاں آئی او ٹی کے حقیقی زندگی کے اثرات کی مختصر وضاحتیں ہیں

سمارٹ ہوم ڈیوائسز: آئی او ٹی سے چلنے والے آلات جیسے کہ سمارٹ تھرموسٹیٹ، تالے، لائٹنگ، اور اسپیکر گھر کے مالکان کو اپنے اسمارٹ فونز یا دیگر آلات کا استعمال کرتے ہوئے اپنے گھروں کو دور سے کنٹرول اور نگرانی کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ یہ نہ صرف سہولت میں اضافہ کرتا ہے بلکہ توانائی کے استعمال کو بہتر بنا کر اور فضلہ کو کم کر کے توانائی اور پیسہ بچانے میں بھی مدد کرتا ہے۔

صحت کی دیکھ بھال: آئی او ٹی ہیلتھ گیجٹس صحت کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ ور افراد کو ریئل ٹائم مریضوں کا قیمتی ڈیٹا فراہم کرتے ہیں۔ یہ انہیں مزید ذاتی نگہداشت فراہم کرنے کے قابل بناتا ہے، جس سے مریض کی صحت کے بہتر نتائج اور ممکنہ طور پر صحت کی دیکھ بھال کے اخراجات میں کمی واقع ہوتی ہے۔

لاجسٹکس اور ٹرانسپورٹیشن: آئی او ٹی سے چلنے والی گاڑیاں اور لاجسٹکس سلوشنز عمل کو بہتر بنانے اور کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے سپلائی چین کے مختلف پہلوں، بشمول انوینٹری، ٹرانسپورٹیشن، اور ڈیلیوری پر ڈیٹا اکٹھا اور تجزیہ کرتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں ترسیل کا تیز وقت، نقل و حمل کے اخراجات میں کمی، اور زیادہ منظم آپریشنز ہوتے ہیں۔

زراعت: آئی او ٹی سے چلنے والے سینسر ماحولیاتی عوامل پر ڈیٹا اکٹھا کرتے ہیں، جس سے کسانوں کو ڈیٹا پر مبنی فیصلے کرنے کی اجازت ملتی ہے جو فصل کی پیداوار کو بہتر بناتے ہیں اور پانی کے استعمال کو کم کرتے ہیں۔ اس سے کاشتکاری کے زیادہ پائیدار طریقوں اور منافع میں اضافہ ہوتا ہے۔

مینوفیکچرنگ: آئی او ٹی مانیٹرنگ ڈیوائسز مینوفیکچرنگ کے عمل کے مختلف پہلوں پر ڈیٹا اکٹھا کرتے ہیں، جیسے کہ مشین کی کارکردگی، درجہ حرارت، اور نمی، مینوفیکچررز کو پیداواری عمل کو بہتر بنانے، ڈاؤن ٹائم کو کم کرنے، اور مجموعی کارکردگی کو بہتر بنانے کے قابل بناتے ہیں۔ اس سے پیداواری صلاحیت میں اضافہ، کوالٹی کنٹرول میں بہتری اور لاگت میں کمی واقع ہوتی ہے۔

آئی او ٹی تیزی سے ایک تصور سے حقیقت میں تبدیل ہوا ہے، اور ہمارے رہنے اور کام کرنے کے طریقے کو تیزی سے تبدیل کر دیا ہے، جس سے صحت کی دیکھ بھال، زراعت، اور مینوفیکچرنگ جیسی مختلف صنعتوں میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ 5G، ایج کمپیوٹنگ، اور مصنوعی ذہانت جیسی نئی ٹیکنالوجیز کے ظہور نے اس کی صلاحیتوں میں مزید اضافہ کیا ہے، جس سے ایپلی کیشنز کی ایک وسیع رینج کے لیے تیز، ریئل ٹائم ڈیٹا پروسیسنگ کو قابل بنایا گیا ہے۔ تاہم، سیکورٹی اور رازداری کے بارے میں خدشات ہیں کیونکہ آئی او ٹی آلات کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ ان چیلنجوں کے باوجود، آئی او ٹی میں مزید جدت اور ترقی کی بے پناہ صلاحیت ہے، جو ایک زیادہ مربوط اور موثر دنیا کی راہ ہموار کرتی ہے۔

مذاکرات اور چوہدری پرویز الٰہی

ایک طرف حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات جاری ہیں تو دوسری طرف حکومتی اتحاد میں شامل بڑی جماعت ن لیگ کے سرکردہ رہنماں کا ماننا ہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات وقت کا ضیاع ہے۔ خواجہ آصف، جاوید لطیف اور مریم نواز نے اپنے بیانات میں کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات سے کچھ حاصل نہیں ہونے والا۔ جس پر سنجیدہ حلقے سوالات اٹھا رہے ہیں اگر ان مذاکرات سے کچھ حاصل نہیں کیا جاسکتا تو پھر وقت کیوں ضائع

محمد علی یزدانی

کیا جارہا ہے اور ایک ہیجان کی کیفیت کیوں بنادی گئی ہے اور پوری قوم کو ٹرک کی بتی کے پیچھے کیوں لگا دیا ہے۔ دوسری جانب عمران خان کہتے ہیں کہ اگر الیکشن سپریم کورٹ کی دی گئی ڈیڈ لائن پر نہیں ہوتے تو وہ تحریک چلانے کیلئے تیار ہیں بلکہ سڑکوں پر آنے کیلئے تیار ہیں اور ایک نیا لانگ مارچ بھی کریں گے۔ یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر حکومت اور پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما ایک دوسرے کو یوں ہی لتاڑتے رہیں گے تو پھر مذاکرات مذاکرات کا کھیل کیوں کھیلا جارہا ہے۔ سیاسی حلقوں میں مذاکرات کو لے کر ایک اور اہم سوال بھی اٹھایا جارہا ہے کہ اگر مذاکرات کامیاب نہیں ہوتے تو کیا سپریم کورٹ مزید کارروائی کرے گی یا معاملے کو جوں کا توں رہنے دیا جائے گا، کیونکہ سپریم کورٹ کے حکم نامے کے بعد ہی مذاکرات شروع ہوئے تھے اور اگر یہ نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوتے تو پھر چودہ مئی کو ہونے والے انتخابات پر بھی سوالیہ نشان لگ جائے گا۔ مئی کا آغاز ہو چکا ہے اور ابھی تک نا تو حکومت نے الیکشن کمیشن کو فنڈز جاری کئے ہیں اور نہ ہی سیاسی جماعتوں کی جانب سے کوئی ایسی سرگرمی دیکھنے کو مل رہی ہے کہ کہا جائے کہ دس بارہ دن بعد الیکشن ہونے والے ہیں، یعنی کسی قسم کی سیاسی گہما گہمی جو انتخابات کا خاصہ ہوتی ہے وہ دیکھنے کو نظر نہیں آ رہی اس لئے چودہ مئی کو پنجاب میں ہونے والے انتخابات تاحال مشکوک ہی دکھائی دیتے ہیں۔ مذاکرات کامیاب نہ ہوئے تو پھر وزیر اعظم شہباز شریف کی نا اہلی پر بھی باتیں ہو رہی ہیں اور وزیر دفاع خواجہ آصف نے تو یہاں تک کہہ دیا ہے کہ اگر سپریم کورٹ نے عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ ہونے پر وزیراعظم شہباز شریف کو نا اہل کیا تو وہ عدالت کے حکم کو ماننے اور اس پر عمل درآمد کرنے سے انکار کر دیں گے، اس طرح کی باتیں ظاہر کرتی ہیں کہ ملک سیاسی بحران سے نکلنے والا نہیں ہے بلکہ مزید سنگین ہونے والا ہے۔ کیوں کہ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے بھی عندیہ دیا ہے کہ وہ پارلیمنٹ کی مدت ایک سال بڑھانے پر غور کر رہے ہیں اگر ایسا ہوا تو ملک میں ایک نیا سیاسی بحران پیدا ہوگا کیوں کہ پی ٹی آئی کبھی نہیں چاہے گی کہ پارلیمنٹ کی مدت میں اضافہ کیا جائے اور اگر پی ٹی آئی دوبارہ سے سڑکوں پر آئی تو ملک کی معیشت مزید خراب ہو گی اور یہ درست کیسے ہوگی اس کا حل تاحال کسی کے پاس نہیں ہے۔ سیاسی جماعتوں کے درمیان اس اعتماد کے فقدان کے درمیان سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے گھر پولیس نے دھاوا بولا ہے جو نہایت افسوسناک عمل ہے۔ پرویز الٰہی دو بار صوبے کے وزیراعلی رہے ہیں پھر سپیکر پنجاب اسمبلی رہے ہیں اس کے علاوہ وہ اپنی جماعت کے صدر بھی ہیں ایسے میں ان کے گھر پر اس طرح دھاوا بولا جانا ایک افسوسناک امر ہے کیوں کہ پرویز الٰہی کی پنجاب کے لئے بہت خدمات ہیں۔ پنجاب پولیس کا فنڈ چوہدری پرویز الٰہی نے اپنے دور حکومت میں بڑھایا، ایمرجنسی سروس شروع کی، کئی ہسپتال بنائے، اس کے علاوہ کئی ایسے منصوبے ہیں جو پرویز الٰہی کے دور میں شروع ہوئے۔ پرویز الٰہی کے خلاف اگر کسی قسم کے الزامات بھی ہیں تو انہیں مہذب طریقے سے طلب کیا جاسکتا تھا اس طرح ان کے گھر پر پولیس کے دھاوے نے سیاست کو مزید آلودہ کیا ہے۔ کیوں کہ چوہدری خاندان کی وضع داری کے سب معترف ہیں۔ ن لیگ جب مشرف دور میں زیر عتاب تھی تو یہ چوہدری پرویز الٰہی ہی تھے جنہوں نے مسلم لیگ ن کے رہنما سابق وزیراعلی پنجاب حمزہ شہباز شریف کو مشرف کے عتاب سے بچائے رکھا اور اس کے علاوہ انہیں کسی قسم کی ایذا نہیں دی اور وہ اپنے خاندان کے نمائندہ کے طور پر پاکستان میں موجود رہے اس دوران انہیں کبھی پولیس نے نہ تو گرفتار کیا اور نہ ہی ان کے گھر پر اس طرح دھاوا بولا گیا۔ اگرچہ پنجاب میں اس وقت نگران حکومت موجود ہے لیکن لوگ اس امر کا مورد الزام ن لیگ کو ٹھہرا رہے ہیں حالانکہ پنجاب پولیس وفاق کے ماتحت نہیں اور اس وقت صوبے پر ایک نگران حکومت موجود ہے جو پنجاب میں ہوئے معاملات کی ذمہ دار ہے۔ نگران حکومت کا یہ عمل اس کے کردار پر ایک دھبہ ضرور ہے، اس نگران حکومت کے مختصر سے دور حکومت میں ایسے واقعات حکومت کی نیک نامی نہیں بلکہ بدنامی کا باعث بن رہے ہیں۔ چوہدری پرویز الٰہی ایک منجھے ہوئے اور رکھ رکھا والے سیاسی گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں ان کے گھر پر پولیس حملہ یا پولیس کا انہیں گرفتار کرنے کیلئے بھونڈا انداز اپنانا کسی طور پر بھی ایک احسن انتظامی عمل نہیں ہے جس پر نگران حکومت کو معافی مانگنی چاہئے اور اس معاملے کی انکوائری کرائی جانی چاہئے تا کہ ملکی سیاست میں کسی قسم کی بدمزگی پیدا نہ ہو۔ اگرچہ پنجاب میں اس وقت نگران حکومت موجود ہے لیکن لوگ اس امر کا مورد الزام ن لیگ کو ٹھہرا رہے ہیں حالانکہ پنجاب پولیس وفاق کے ماتحت نہیں اور اس وقت صوبے پر ایک نگران حکومت موجود ہے جو پنجاب میں ہوئے معاملات کی ذمہ دار ہے۔ نگران حکومت کا یہ عمل اس کے کردار پر ایک دھبہ ضرور ہے، اس نگران حکومت کے مختصر سے دور حکومت میں ایسے واقعات حکومت کی نیک نامی نہیں بلکہ بدنامی کا باعث بن رہے ہیں۔ چوہدری پرویز الٰہی ایک منجھے ہوئے۔ اور رکھ رکھا والے سیاسی گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں ان کے گھر پر پولیس حملہ یا پولیس کا انہیں گرفتار کرنے کیلئے بھونڈا انداز اپنانا کسی طور پر بھی ایک احسن انتظامی عمل نہیں ہے جس پر نگران حکومت کو معافی مانگنی چاہئے اور اس معاملے کی انکوائری کرائی جانی چاہئے تاکہ ملکی سیاست میں کسی قسم کی بدمزگی پیدا نہ ہو۔ کہ اگر حکومت اور پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما ایک دوسرے کو یوں ہی لتاڑتے رہیں گے تو پھر مذاکرات مذاکرات کا کھیل کیوں کھیلا جارہا ہے۔ سیاسی حلقوں میں مذاکرات کو لے کر ایک اور اہم سوال بھی اٹھایا جا رہا ہے کہ اگر مذاکرات کامیاب نہیں ہوتے تو کیا سپریم کورٹ مزید کارروائی کرے گی یا معاملے کو جوں کا توں رہنے دیا جائے گا، کیونکہ سپریم کورٹ کے حکم نامے کے بعد ہی مذاکرات شروع ہوئے تھے اور اگر یہ نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوتے تو پھر چودہ مئی کو ہونے والے انتخابات پر بھی سوالیہ نشان لگ جائے گا۔ مئی کا آغاز ہو چکا ہے اور ابھی تک نا تو حکومت نے الیکشن کمیشن کو فنڈز جاری کئے ہیں اور نہ ہی سیاسی جماعتوں کی جانب سے کوئی ایسی سرگرمی دیکھنے کو مل رہی ہے کہ کہا جائے کہ دس بارہ دن بعد الیکشن ہونے والے ہیں، یعنی کسی قسم کی سیاسی گہما گہمی جو انتخابات کا خاصہ ہوتی ہے وہ دیکھنے کو نظر نہیں آ رہی اس لئے چودہ مئی کو پنجاب میں ہونے والے انتخابات تاحال مشکوک ہی دکھائی دیتے ہیں۔ مذاکرات کامیاب نہ ہوئے تو پھر وزیر اعظم شہباز شریف کی نا اہلی پر بھی باتیں ہو رہی ہیں اور وزیر دفاع خواجہ آصف نے تو یہاں تک کہہ دیا ہے کہ اگر سپریم کورٹ نے عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ ہونے پر وزیراعظم شہباز شریف کو نا اہل کیا تو وہ عدالت کے حکم کو ماننے اور اس پر عمل درآمد کرنے سے انکار کر دیں گے، اس طرح کی باتیں ظاہر کرتی ہیں کہ ملک سیاسی بحران سے نکلنے والا نہیں ہے بلکہ مزید سنگین ہونے والا ہے۔ کیوں کہ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے بھی عندیہ دیا ہے کہ وہ پارلیمنٹ کی مدت ایک سال بڑھانے پر غور کر رہے ہیں اگر ایسا ہوا تو ملک میں ایک نیا سیاسی بحران پیدا ہوگا کیوں کہ پی ٹی آئی کبھی نہیں چاہے گی کہ پارلیمنٹ کی مدت میں اضافہ کیا جائے اور اگر پی ٹی آئی دوبارہ سے سڑکوں پر آئی تو ملک کی معیشت مزید خراب ہو گی اور یہ درست کیسے ہوگی اس کا حل تاحال کسی کے پاس نہیں ہے۔ سیاسی جماعتوں کے درمیان اس اعتماد کے فقدان کے درمیان سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے گھر پولیس نے دھاوا بولا ہے جو نہایت افسوسناک عمل ہے۔ پرویز الٰہی دو بار صوبے کے وزیراعلی رہے ہیں پھر سپیکر پنجاب اسمبلی رہے ہیں اس کے علاوہ وہ اپنی جماعت کے صدر بھی ہیں ایسے میں ان کے گھر پر اس طرح دھاوا بولا جانا ایک افسوسناک امر ہے کیوں کہ پرویز الٰہی کی پنجاب کے لئے بہت خدمات ہیں۔ پنجاب پولیس کا فنڈ چوہدری پرویز الٰہی نے اپنے دور حکومت میں بڑھایا، ایمرجنسی سروس شروع کی، کئی ہسپتال بنائے، اس کے علاوہ کئی ایسے منصوبے ہیں جو پرویز الٰہی کے دور میں شروع ہوئے۔ پرویز الٰہی کے خلاف اگر کسی قسم کے الزامات بھی ہیں تو انہیں مہذب طریقے سے طلب کیا جاسکتا تھا

شوبز SHOWBIZ

بگ باس سے مشہور ہونیوالی اداکارہ شہناز گل نے نیا گھر خریدلیا

یاد رہے کہ شہناز گل نے سلمان خان کی فلم کسی کا بھائی کسی کی جان سے بالی ووڈ میں ڈیبیو کیا

ممبئی (شوبز نیوز) بھارت کے معروف شو بگ باس سے شہرت حاصل کرنے والی شہناز گل نے اپنے سوشل میڈیا اکاونٹ پر نئے گھر کے حوالے سے دی جانے والی مداحوں کی مبارکباد کو شیئر کیا۔ شہناز گل کی انسٹاگرام سٹوریز کو دیکھ کر یہ اندازہ لگایا جارہا ہے کہ انہوں نے نیا گھر خرید لیا ہے، مداحوں کی جانب سے موصول ہونے والی مبارکباد کے پیغامات کو اداکارہ نے اپنی انسٹا اسٹوریز میں شیئر کیا۔ ایک پیغام میں یہ لکھا ہوا تھا کہ پیاری گڑیا ! نئے گھر کی آپ کو مبارک، ہمیں آپ کی کامیابی پر بہت فخر ہے۔

شاہ رخ خان نے سیلفی لینے کی کوشش کرنے والے فین کو دھکا دے دیا

شاہ رخ خان مقبوضہ کشمیر سے شوٹنگ مکمل کر کے واپس ممبئی پہنچے تھے



ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کے سپر اسٹار شاہ رخ خان نے ائیرپورٹ پر سیلفی لینے کی کوشش کرنے والے فین کو دھکا دے دیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ شاہ رخ خان ائیرپورٹ سے باہر نکلے تو ایک مداح نے ان کے ساتھ سیلفی لینے کی کوشش کی۔ شاہ رخ خان نے سیلفی کی کوشش کرنے والے مداح کو غصے سے پیچھے دھکیل دیا اور گاڑی میں بیٹھ کر روانہ ہوگئے۔ سوشل میڈیا صارفین نے مداح کو دھکا دینے پر شاہ رخ خان کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا۔ ایک صارف کا کہنا تھا کہ شاہ رخ خان سے ایسے رویے کی امید نہیں تھی۔ ایک سوشل میڈیا صارف نے شاہ رخ کے رویے کو شاک قرار دیتے ہوئے۔

پولیس نے لیجنڈری موسیقار اے آر رحمان کا کنسرٹ رکوادیا

بھارتی شہر پونے میں پولیس نے مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد کنسرٹ جاری رکھنے پر بھارت کے لیجنڈری موسیقار اور گلوکار اے آر رحمان کا میوزک شو بند کرادیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ایک وڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ایک پولیس افسر اسٹیج پر واک کرتے ہوئے اے آر رحمان اور دیگر فنکاروں کو شو کو روکنے کا حکم دیتا ہے۔ اتوار کی رات پونے شہر کے راجہ بہادر ملز کے مقام پر آسکر انعام یافتہ لیجنڈری گلوکار کو سننے کیلئے مداحوں کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ بند گارڈن پولیس اسٹیشن کے افسر سنتوش پاٹیل نے تصدیق کی ہے کہ انہوں نے شو کو بند کرایا تھا کیوں کہ دس بجے کی ڈیڈ لائن گزر چکی تھی۔

میگھن مارکل کی میٹ گالا میں شرکت نہ کرنے کی وجہ سامنے آگئی

لندن (شوبز نیوز) برطانوی شاہی خاندان کی بہو، سابق امریکی اداکارہ میگھن مارکل کی میٹ گالا میں شرکت نہ کرنے کی وجہ سامنے آگئی۔ ڈچز آف سسیکس نے رواں سال اپنے شوہر شہزادہ ہیری کے ساتھ میٹ گالا میں شرکت کرنے سے گریز اس لیے کیا کیونکہ وہ شاہ چارلس کی تاجپوشی کی تقریب سے قبل میڈیا کی غیر ضروری توجہ نہیں حاصل کرنا چاہتیں۔

معروف بھارتی اداکارہ پرینیتی چوپڑا کی منگنی کی تاریخ سامنے آگئی

پرینیتی چوپڑا کی بھارتی سیاستدان راگھو چڈا سے منگنی کی تقریب 13 مئی کو نیو دہلی میں منعقد ہوگی

ممبئی (شوبز نیوز) بھارت کی معروف اداکارہ پرینیتی چوپڑا کی بھارتی سیاستدان راگھو چڈا سے منگنی کی تقریب 13 مئی کو نیو دہلی میں منعقد ہوگی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دونوں کے درمیان ریلیشن شپ کی خبریں مختلف مقامات پر ایک ساتھ دیکھے جانے کے بعد سامنے آئی تھیں، پرینیتی چوپڑا اور راگھو چڈا نے اپنے تعلق کے متعلق اب تک زبان نہیں کھولی ہے اور منگنی کی تقریب تک ان دونوں نے خاموش رہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ منگنی کی خبروں کو تقویت اس وقت ملی جب اداکارہ کے ساتھی ہارڈی ساندھو نے ایک میڈیا بریفنگ میں کہا تھا کہ میں بہت خوش ہوں کہ یہ بالآخر ہونے جارہا ہے اور میری پرینیتی کیلئے نیک تمنائیں ہیں۔ دوسری طرف عام آدمی پارٹی کے ممبر پارلیمنٹ سنجیو اروڑا نے بھی ٹویٹر پر جوڑے کو مبارکباد دیتے ہوئے لکھا کہ ان دونوں کو محبت، خوشی اور ساتھ نصیب ہو۔ بھارت کی معروف اداکارہ پرینیتی چوپڑا کی بھارتی سیاستدان راگھو چڈا سے منگنی کی تقریب 13 مئی کو نیو دہلی میں منعقد ہوگی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دونوں کے درمیان ریلیشن شپ کی خبریں مختلف مقامات پر ایک ساتھ دیکھے جانے کے بعد سامنے آئی تھیں، پرینیتی چوپڑا اور راگھو چڈا نے اپنے تعلق کے متعلق اب تک زبان نہیں کھولی ہے اور منگنی کی تقریب تک ان دونوں نے خاموش رہنے کا فیصلہ کیا ہے۔

سپورٹس SPORTS

پاکستان پہلا اور انگلینڈ میرا دوسرا گھر ہے: حسن علی

ایجبسٹن گراؤنڈ سے بھارت کے خلاف چیمپئنز ٹرافی میچ کی یادیں وابستہ ہیں

لندن (سپورٹس نیوز) پاکستانی فاسٹ بالر حسن علی نے کہا ہے کہ پاکستان پہلا اور انگلینڈ میرا دوسرا گھر ہے۔ قومی فاسٹ بالر حسن علی ان دنوں وارو کشائر کی نمائندگی کرتے ہوئے انگلینڈ میں کاؤنٹی چیمپئن شپ کھیل رہے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے حسن علی نے کہا کہ انگلینڈ کے ایجبسٹن گراؤنڈ سے خاص محبت ہے، پاکستان پہلا گھر اور انگلینڈ میرا دوسرا گھر ہے۔ حسن علی نے کہا کہ ایجبسٹن گراؤنڈ سے بھارت کے خلاف چیمپئنز ٹرافی میچ کی یادیں وابستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیم میں شاداب خان سب سے قریبی دوست ہیں جبکہ فہیم اشرف، فخر زمان، حارث رف اور آصف علی بھی میرے اچھے دوست ہیں۔ حسن علی کا اپنے انٹرویو میں مزید کہنا تھا کہ انڈین پریمیئر لیگ پر ٹی 20 وائٹالیٹی بلاسٹ کو فوقیت دوں گا۔

بابراعظم اور امام الحق نے سب سے زیادہ سنچری شراکتوں کا ریکارڈ برابر کردیا

تیسرے ون ڈے کپتان بابراعظم اور امام الحق نے سکور میں 108 رنز کا اضافہ کیا

کراچی (یواین پی) نیوزی لینڈ کے خلاف نیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے تیسرے ون ڈے میچ میں بابراعظم اور امام الحق نے محمد یونس اور محمد یوسف کا سب سے زیادہ سنچری شراکتوں کا ریکارڈ برابر کردیا۔ کیویز کے خلاف تیسرے ون ڈے انٹرنیشنل میں فخر زمان کے آؤٹ ہونے کے بعد کپتان بابراعظم اور امام الحق نے اسکور میں 108 رنز کا اضافہ کیا۔ ایک روزہ میچوں میں یہ 9واں موقع تھا جب دونوں بیٹرز کی شراکت داری میں 100 رنز بنے ہوں۔ اس پارٹنرشپ کے ساتھ ہی بابراعظم اور امام الحق نے ماضی کے مایہ ناز کرکٹرز محمد یونس اور محمد یوسف کا پاکستان کے لیے سب سے زیادہ سنچری شراکتوں کا ریکارڈ برابر کردیا۔ یوسف بھی اس فہرست میں انضمام الحق کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہیں، کیونکہ اس جوڑی نے ون ڈے کرکٹ میں آٹھ مرتبہ 100 رنز کی شراکت داری کی۔ نیوزی لینڈ کے خلاف نیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے تیسرے ون ڈے میچ میں بابراعظم اور امام الحق نے محمد یونس اور محمد یوسف کا سب سے زیادہ سنچری شراکتوں کا ریکارڈ برابر کردیا۔ کیویز کے خلاف تیسرے ون ڈے انٹرنیشنل میں فخر زمان کے آؤٹ ہونے کے بعد کپتان بابراعظم اور امام الحق نے اسکور میں 108 رنز کا اضافہ کیا۔ ایک روزہ میچوں میں یہ 9 واں موقع تھا جب دونوں بیٹرز کی شراکت داری میں 100 رنز بنے ہوں۔ اس پارٹنرشپ کے ساتھ ہی بابراعظم اور امام الحق نے ماضی۔

پہلا چیئرمین پی او ایف فلڈ لائٹ فٹ بال ٹورنامنٹ 15 مئی سے شروع ہوگا

اسلام آباد (یواین پی) پہلا چیئرمین پی او ایف فلڈ لائٹ فٹ بال ٹورنامنٹ 15 مئی سے پی او ایف سپورٹس کمپلیکس، واہ شروع ہوگا۔

رمضان کپ ہاکی ٹورنامنٹ کا فائنل میچ کری کلب اور مارگلہ کلب کی ٹیموں کے درمیان 9 مئی کو کھیلا جائے گا

اسلام آباد (یواین پی) حدف ہاکی کلب اسلام آباد کے زیر اہتمام رمضان کپ ہاکی ٹورنامنٹ کا فائنل میچ کری کلب اور مارگلہ کلب کی ٹیموں کے درمیان 9 مئی کو نصیر بندہ ہاکی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ گزشتہ روز حدف ہاکی کلب اسلام آباد کے صدر سید سلیم رضا نے بتایا کہ ٹورنامنٹ میں اسلام آباد اور راولپنڈی کی دس ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں اور ٹورنامنٹ ناک آوٹ سسٹم پر کھیلا جارہا ہے۔ فائنل کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والی ٹیموں کیکھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

سری لنکن کرکٹر دانشکا کیخلاف زیادتی کیس کی سماعت تاخیر کا شکار

سڈنی (سپورٹس نیوز) سری لنکن کرکٹر دانشکا گونا تھیلاکا کے کیس کی سماعت تاخیر کا شکار ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سری لنکن کرکٹر دانشکا گونا تھیلاکا پر 4 مختلف نوعیت کے جنسی زیادتی کے الزامات کا کیس ہے، ان کے کیس کی سماعت 18 مئی تک ملتوی کی گئی ہے، تب تک دانشکا گونا تھیلاکا ضمانت پر ہیں۔ سماعت میں دو ہفتے کی مزید تاخیر پر سری لنکن کرکٹر نیو ساتھ ویلز کے پبلک پراسیکیوٹر سے لیگل اخراجات کا مطالبہ کریں گے جبکہ دانشکا کے وکیل نے مزید تاخیر کی مخالفت کی ہے۔ وکیل نے مقف اختیار کیا ہے کہ غیر ملکی ہونے کے ناطے دانشکا گونا کو سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ اگلی سماعت پر لیگل اخراجات کی ادائیگی کے لیے درخواست جمع کرائی جائے گی۔ واضح رہے کہ جنسی زیادتی کا یہ واقعہ اور کیس گزشتہ برس آسٹریلیا میں ٹی 20 ورلڈ کپ کے دوران پیش آیا جس کے بعد سری لنکن کرکٹر کو زیادتی کے کیس میں گرفتار کرلیا گیا تھا جبکہ ان دنوں وہ سڈنی میں ضمانت پر ہیں۔ سماعت میں دو ہفتے کی مزید تاخیر پر سری لنکن کرکٹر نیو ساتھ ویلز کے پبلک پراسیکیوٹر سے لیگل اخراجات کا مطالبہ کریں گے جبکہ دانشکا کے وکیل نے مزید تاخیر کی مخالفت کی ہے۔ وکیل نے مقف اختیار کیا ہے کہ غیر ملکی ہونے کے ناطے دانشکا گونا کو سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ اگلی سماعت پر لیگل اخراجات کی ادائیگی کے لیے درخواست جمع کرائی جائے گی۔

CAPITAL DEVELOPMENT AUTHORITY
Landscape Division
Directorate of Parks (East), Environment Wing

TENDER NOTICE

Sealed tenders are hereby invited on percentage basis from contractor having valid license by PEC in relevant category for the under mentioned works on the date and time mentioned below:-

S.No.	Name of Work	NIT Cost (Rs.)	Earnest Money (Rs.)	Date & Time of Receiving Tender	Date & Time of Opening Tender
1	PROVIDING AND FIXING OF STRETCHING UNIT (EXERCISE UNIT) IN SECTOR G & F SERIES DTE OF PARKS (EAST) ISLAMABAD.	Rs:-14.892 (M)	Rs:-4.768 (M)	25.05.2023 11.30 A.M	25.05.2023 12.00 Noon

Conditions:

i. Detail of Tender Notice can be seen on CDA website www.cda.gov.pk and PPRA website www.ppra.org.pk
ii. Tender application should accompany with earnest money in shape of deposit at call in favor of Dy. Director Landscape Division, CDA issued from any scheduled local bank against firm's account. Name of firm should be clearly mentioned on instrument (Deposit at call). Tender documents shall not be issued without earnest money.
iii. In case of total bid amount is less than 10 % below the NIT amount, the bidder shall submit additional call deposit as performance security equal to the difference between NIT amount and total quoted amount less 10 % of NIT amount. The additional performance guarantee (Call Deposit) shall be submitted along with bid. Bids having rates below 10 % of NIT without additional call deposit will be rejected. The performance security of the successful bidder shall be released after completion of project.
iv. Tender documents can be obtained from the office of Dy. Director Landscape Division, Environment Wing CDA located at Mehran Gate No.01, Fatima Jinnah Park, Directorate of Parks, CDA, Islamabad on cash payment of **Rs.3,000 /- (Rupees Three Thousand) Per Each Set** -(Non-Refundable) during working hours on any working day before date of opening against written request which should be on letter head pad having Name, Address, Telephone (Land line) Numbers and signature of the contractor along with attested copies of NTN Certificate, valid Professional Tax Certificate, Sole proprietorship/partnership deed, Valid PEC license in relevant category, Moreover General/Special Power of attorney may be attested through respective court, The attorney holder may not be the employee of any Government, semi Government institute/That Only legitimate attorney holder may be allowed to get tender documents. No tender will be sold on the date of opening of the tender. Tenders will be sold upto 12:00 Noon on 15-05-2023.
v. The bid security of all bidders would be deposited in the CDA Bank account and same may be returned after the acceptance of the contract with the successful bidder. The eligibility criteria of the firm with the relevant experience i.e. at least three number of works in last two financial years may be observed/fulfilled before issuance of tender documents.
vi. The intending bidder will have to provide telephone no of the relevant office / formation issuing work orders for verification purpose.
vii. No tender will be issued without showing the required documents in "ORIGINAL".
viii. Tender bids will be received and opened on above date and time in the office of Director Technical, Environment Wing, CDA located at Mehran Gate No.01, Fatima Jinnah Park, Islamabad.
ix. Tender rate on percentage basis should be filled in figures as well as in words.
x. The tender documents must be accompanied with non-relationship certificate, NTN Certificate, Non-Judicial Stamp Paper worth of Rs.50/- or above and. No tender will be entertained without these documents.
xi. CDA reserves the right to accept or reject any/all tenders as per PPRA Rules. No conditional tender will be entertained.

PID(I)6838/22

Dy. Director Landscape
Directorate of Parks (East)

INVITAION FOR PREQUALIFICATION

Parks & Horticulture Authority Rawalpindi invites prequalification of Nurseries for following works
1. Works will be awarded in different packages at different time throughout the financial years 2023-2024.

Supply of Trees, Shrubs, Ground Covers, Edging Plants, Climbers, Bonsai, Topiaries, Palms and Furcraea etc. and Grasses for different projects for the Financial years 2023-2024

2. The estimated cost of the Projects is Rs. 30 Million approx for the said financial years
3. Applicants will be required in their submission to demonstrate extensive experience of similar Works. Estimated duration of the contract is about 01 year and 'Invitation for Bids' is expected to be called in early 1st July 2023
4. Interested eligible firms may obtain further information from Director (Horticulture) office Parks & Horticulture Authority **(PHA)**, Rawalpindi and obtain the Prequalification Documents at the address given' below from **09:00 to 16:00** hours on all working days with effect to publication. The Prequalification Documents in the English language, may be purchased by interested eligible firms on submission of written application to the address given below and upon payment of non-refundable fee of Pak Rs: 5,000/- (Pak Rupees One Thousand Only) by Demand Draft payable to Director (Horticulture), PHA. PHA shall not be responsible for the loss or late receipt of the Prequalification Documents sent through courier service.
5. Documents must be duly completed in English language and returned to the Director (Horticulture) office, PHA uptill 29-05-2023 Prequalification documents received after this deadline will be rejected and returned unopened.
6. Pre-Qualification notice can also be downloaded from PPRA Website.
7. The competent authority reserves the right to reject all proposals at any time prior to the acceptance of a proposal in line with rule-35 (Chapter VI) of PPRA Rules, 2014.

IPL 3301

Sheikh Tariq Mehmood
Director Horticulture PHA, Liaquat Bagh Murree Road, Rawalpindi
Telephone# 051-5552806

بقیہ 1

۔کارکنوں ں ے شارع فیصل پر ٹریفک کی روانی بند کردی جس کے سبب گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں، کارکنوں اور شہریوں کے درمیان تلخ کلامی بھی ہوئی۔ بعدازاں پولیس شارع فیصل کھلوانے پہنچی جہاں پولیس کی جانب سے مظاہرین پر شیلنگ بھی کی گئی۔ پی ٹی آئی کے مشتعل کارکنان نے شارع فیصل پر قیدی وین، واٹر بورڈ کے دو ٹینکر اور رینجرز کی چوکی نذر آتش کی، اس کے علاوہ ٹائر بھی جلائے۔ شارع فیصل پر پولیس پی ٹی آئی کارکنان کے آگے بے بس نظر آئی اور کئی گھنٹوں تک انہیں منتشر نہ کرسکی۔ رکن سندھ اسمبلی گرفتار پولیس نے پی ٹی آئی کے رکن سندھ اسمبلی شاہ نواز جدون کو ہنگامہ آرائی کرنے کے الزام میں گرفتار کرکے نامعلوم مقام پر منتقل کردیا

بقیہ 2

کا سربراہ ہوں اور 50 سال سے قوم مجھے جانتی ہے، مجھے کوئی جھوٹ بولنے کی ضرورت نہیں ہے، یہ میری فوج اور میرا پاکستان ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی کے پاس وارنٹ ہے تو وہ سیدھا میرے پاس وارنٹ لے کر آئے، میرے وکیل ہوں گے اور میں خود ہی جیل جانے کو تیار ہوں۔ سابق وزیراعظم کا کہنا تھا کہ مہربانی کریں کوئی ڈرامہ نہ کریں اور وارنٹ لے کر آئیں

بقیہ 3

عوام کو بڑا ریلیف دینے کا پلان بنالیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے جون کے دوسرے ہفتے میں قومی اسمبلی میں بجٹ پیش کرنے کا پلان بنالیا، اجلاس جون میں بلانے کی تجویز سامنے آئی ہے۔ وفاقی حکومت نے آخری بجٹ میں عوام کو بھرپور ریلیف دینے کا فیصلہ کیا ہے، پٹرول، ڈیزل کی قیمت میں کمی کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ حتمی فیصلہ وزیراعظم اتحادی جماعتوں کی مشاورت سے کریں گے۔ وزیرخزانہ اسحاق ڈار اتحادی جماعتوں کی مشاورت سے بجٹ تیار کریں گے،

بقیہ 4

پارلیمنٹ کا اہم دن ہے، جتنی بے توقیری اس پارلیمنٹ کی ہوئی اسکی مثال نہیں ملتی، کہاں ہے پارلیمنٹ سپرمیسی؟۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے گزشتہ ادوار میں لعنت برسائی گئی، پارلیمان کی بے توقیری پر سزا اور جزا ہونی چاہیے۔ اس پارلیمان کی عزت ہوگی تو سب کی عزت ہوگی۔

بقیہ 5

۔ڈاکٹرز عمران خان کی صحت سے متعلق اپنی رپورٹ سے آگاہ کرینگے۔ عمران کی گرفتاری کے موقع پر اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر سیکیورٹی ہائی الرٹ تھی اور رینجرز اہلکار بڑی تعداد میں موجود تھے۔ وکیل علی بخاری نے بتایا کہ عمران خان بائیومیٹرک کرانے دائری برانچ کے باہر گئے تھے، جہاں بائیومیٹرک روم کے شیشے توڑ کر انہیں گرفتار کیا گیا۔ وکیل بیرسٹر گوہر نے دعویٰ کیا کہ رینجرز نے عمران خان پر تشدد کیا، ان کے سر اور زخمی ٹانگ پر تشدد کیا گیا، ان کی وہیل چیئر وہیں پھینک دی گئی۔

بقیہ 6

۔سپریم کورٹ نے چیئرمین پیمرا کے لائسنس معطلی اختیار کیخلاف پاکستان براڈ کاسٹرز ایسوسی ایشن (پی بی اے) کے حق میں فیصلہ جاری کرتے ہوئے سندھ ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رکھا۔ سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ نے فیصلے میں کہا کہ چیئرمین پیمرا کے پاس براڈ کاسٹ میڈیا لائسنس معطل کرنے کا اختیار قانونی طور پر درست نہیں، لہذا اسے کالعدم قرار دیا جاتا ہے، پیمرا آرڈیننس کے سیکشن 13 میں واضح ہے کہ چیئرمین یا کوئی ایک شخص لائسنس معطل نہیں کرسکتا۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ براڈ کاسٹ میڈیا لائسنس معطل کرنے کے لیے شرائط موجود ہیں، یہ واضح نہیں کہ پیمرا میں براڈ کاسٹ میڈیا لائسنس معطلی کا اختیار کس کے پاس ہے؟ رولز بننے سے قبل یہ واضح نہیں کہ لائسنس معطل کون کرے گا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ پیمرا نے 156 ویں اجلاس میں لائسنس معطلی سمیت اختیارات چیئرمین پیمرا کو تفویض کردیے تھے، پاکستان براڈ کاسٹرز ایسوسی ایشن نے چیئرمین پیمرا کو لائسنس معطل کرنے کا اختیار تفویض کیا جانا چیلنج کیا تھا، پیمرا کے وکیل چیئرمین پیمرا کو اختیارات تفویض کیے جانے کی خاطر خواہ وجوہات پیش نہیں کرسکے واضح رہے کہ سندھ ہائیکورٹ نے پیمرا کو لائسنس معطلی کے رولز بنانے کا حکم دے رکھا ہے۔

بقیہ 7

۔نیب اعلامیہ کے مطابق عمران خان کی گرفتاری کی ہدایت چیئرمین نیب نے دی۔ عمران خان کے وارنٹ گرفتاری آئی جی پنجاب کو بھیجے گئے تھے۔ وارنٹ گرفتاری نیب لاہور اور نیب راولپنڈی کو بھیجے گئے۔ عمران خان پر کرپشن اور کرپٹ پریکٹسز میں ملوث ہونے کا الزام ہے۔ عمران خان کو نیب آرڈیننس کی شق 34 اے، 18 ای اور 24 اے کے تحت گرفتار کیا گیا۔ عمران خان پر نیب آرڈیننس 1999 کے سیکشن 9 اے کے تحت کرپشن اور بدعنوانی کا الزام ہے۔ عمران خان کی گرفتاری کے لیے احکامات یکم مئی کو جاری کیے گئے تھے۔

بقیہ 8

جب یہ سڑکوں پر آئیں گے تو ان کا حال پہلے سے مختلف ہوگا۔ رانا ثناء اللہ نے مزید کہا کہ یہ ممی ڈیڈی کلچر کے لوگ ہیں۔ سوشل میڈیا پر ہی احتجاج کرسکتے ہیں، یہ لوگ 6 دن سے زیادہ جیل میں نہیں رہ سکتے۔ وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ الیکشن اسمبلیوں کی مدت پوری ہونے کے بعد ہوں گے۔ 14 مئی کو الیکشن نہیں ہوں گے، باقی اسمبلیوں کی مدت پوری ہونے کے بعد اکتوبر میں الیکشن ہوں گے۔ عدالت نے فیصلہ کیا لیکن اس پر عمل درآمد نہ ہونے کی کچھ وجوہات ہیں۔

بقیہ 9

مہارت اور معاونت فراہم کی جائے گی پاکستانی کاروباری برادری کا ایک وفد ملائیشیا، انڈونیشیا اور تھائی لینڈ سے تعلق رکھنے والی ہم منصبوں کے ساتھ آئندہ سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران میتھین میں کمی کی ٹیکنالوجی اور بائیو میتھین کو کھاد میں تبدیل کرنے کی ٹیکنالوجی کا مطالعہ کرنے کے لیے امریکہ کا دورہ کرے گا

بقیہ 10

کیمپ کا افتتاح کیا۔ ہیلتھ کیمپ میں 9 سے 11 مئی تک 2000 لاہور پولیس ملازمین کی سکریننگ کی جائے گی اور انکے علاج معالجہ کے لئے بہتر میکانزم وضع کیا جائے گا۔ سپیشل سیکرٹریز اور ایس ایس پی نے ہیلتھ کیمپ میں 9 بیماریوں کی سکریننگ کے کاؤنٹرز پر گئے اور 9 بیماریوں کی سکریننگ اور علاج معالجہ کے لئے وضع کردہ میکانزم سے متعلق تفصیلی بریفنگ لی۔ انہوں نے ٹی بی کنٹرول پروگرام کے تحت موبائل ایکسرے وین کا بھی جائزہ لیا۔ سپیشل سیکرٹری عمارہ خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت پنجاب بھر میں تمام پولیس ملازمین کی ہیلتھ سکریننگ کے لئے 22 سے 26 مئی تک سکریننگ کیمپ لگائے گا۔ ہیلتھ کیمپوں میں 9 مختلف بیماریوں کی سکریننگ اور علاج معالجہ تجویز کیا جائے گا۔

بقیہ 11

تھے۔ عمران خان کی گرفتاری پر پی ٹی آئی سمیت مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے مذمت کی ہے اس کے ساتھ ہی انٹرنیشنل ہیومن رائٹس فاؤنڈیشن نے بھی سابق وزیراعظم کی احاطہ عدالت سے گرفتاری کی مذمت کی ہے۔ واضح رہے کہ عمران خان کی احاطہ عدالت سے گرفتاری کا چیف جسٹس اسلام ہائیکورٹ کے چیف جسٹس نے سخت نوٹس لیتے ہوئے برہمی کا اظہار کیا ہے اور اس حوالے سے کیس کی سماعت شروع کردی ہے

بقیہ 12

کے جاچکے ہیں: کل رقم، 386,170,
308 پنجاب 119,203,903، خیبر پختونخواہ
وفاق 9,154,601، ادارے اگلے کا
نام 42,027,804 (, 119,422
33،394 75,250,93910,687,511
44 9 3, 48، پ س 9، 89,748
23،23 100،84,937,8 4,811، جی
145ل 96,809,145-96,809 کیپٹل
ڈویلپمنٹ اتھارٹی) سی ڈی اے 866 65,048, (
57,019 2,560,134 5,468,760
2 9 7 2 ، پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ) پی ڈبلیو
ڈی 26,080,074,5,724,4795,215,010(
15,140,577 تعلیمی ادارے 139,765,989
63,544,78612,958
39063,262,813 ، مختلف سرکاری
ادارے 707,261,698354,130,69145,386,752
307,744,255 کل رقم نادہندگان کے نام اور
واجب الادا رقم: کمانڈنٹ پولیس ٹریننگ کالج سہالہ اسلام
آباد 36,296,437، ڈپٹی ڈائریکٹر مکینیکل ڈویژن
II پارلیمنٹ لاجز (کمرہ نمبر 1 بلاک کیو پاکستان
سیکٹریٹ بلڈنگ اسلام آباد برائے گورنمنٹ ہاسٹل
21,032,263، اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر برائے
فیڈرل لاج I-، جی 5-اسلام آباد 20،864،590،
ڈپٹی ڈائریکٹر ایم ای سی ایچ ڈویژن) 2 فارن آفس (
کمرہ نمبر 1 بلاک کیو پاک سیکٹریٹ بلڈنگ اسلام آباد
پاک ہاس 16،180، 691 میڈیکل ڈائریکٹر
چلڈرن ہسپتال فیروز پور روڈ لاہور 12،348، 072
،میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سروسز ہسپتال جیل روڈ لاہور
10،871،424، سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل میس
شورکوٹ روڈ ٹی ٹی سنگھ 10,507,926، سپرنٹنڈنٹ
جیل سنٹرل جیل گوجرانوالہ 10,149,647 ڈپٹی
ڈائریکٹر ای/ایم سی ڈی اے) کیبنٹ ڈویژن (میں
ٹیننس ڈویژن پارلیمنٹ ہاس سی ڈی اے اسلام آباد
10،129، 158، ڈپٹی ڈائریکٹر ایم ای سی ایچ 1 سی
ڈی اے سپریم کورٹ آف پاک بلڈنگ اسلام آباد
8،599، 374، سپرنٹنڈنٹ جیل سینٹرل جیل کوٹ
لکھپت لاہور 8,556,624، ایس ڈی او
بلوچستان ہاس ایف 5/2 آغا خان روڈ اسلام آباد
8،401،165، ایم /ایس شفیع ٹیکسٹائل لمیٹڈ) کھانا
پکانا /پانی گرم کرنا (رہائشی کالونی رائیونڈ مانگا روڈ
- 405 کلومیٹر ضلع قصور 8،364، 499، ڈپٹی
ڈائریکٹر مکینیکل ڈویژن 2 کمرہ نمبر 1 بلاک کیو پاک
سیکٹ بلڈنگ، بلاک کے اسلام آباد 8،188، 060،
XEN پنجاب ہاس سیکٹر ایف 5-اسلام آباد
7،464، 108، ڈپٹی ڈائریکٹر ایئر کنڈیشن سی ڈی
اے سیکرٹریٹ بلڈنگ ایم بلاک اسلام آباد
7،232، 956، سپرنٹنڈنٹ جیل ڈسٹرکٹ جیل لاہور
6،958، 180، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سروسز ہسپتال
ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ بلڈنگ سروسز ہسپتال جیل روڈ
لاہور 6،828،541، ڈپٹی ڈائریکٹر مکینکل ڈویژن
نمبر 1 سی ڈی اے اسلام آباد پرائم منسٹر سیکرٹریٹ اسلام
آباد 6،636، 218، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ماڈرن
برن یونٹ نشتر ہسپتال میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ماڈرن برن
یونٹ نشتر ہسپتال ملتان 3،566، 367، جامع مسجد قبا
پلاٹ نمبر 3، 8-ایم کے زی نزد شیل پٹرول پمپ
اسلام آباد 6،459، 894، ایئر پورٹ سیکیورٹی فورس
نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئر پورٹ اسلام آباد
6،454، 103، اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر سب
ڈویژن 1 پاک پی ڈبلیو ڈی فیڈرل لاج 2، جی 5 -
اسلام آباد 5،802، 165، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ او-
پی ڈسٹرکٹ ایچ - کیو ہسپتال میانوالی روڈ سرگودھا
5،519، 103، سیمی پرمیننٹ پولیس بیرک ایم او 3-
اتا ترک ایونیو نزد ایوب چوک ایف 5 -اسلام آباد
5،507، 721، اسسٹنٹ انجینئر اسٹور پاک پی ڈبلیو
ڈی کیمپل ہاسٹل سیکٹر جی 5/اسلام آباد 4،827، 611
، سپرنٹنڈنٹ جیل ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا
4،663، 838، ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایم- سی ہیلتھ سنٹر
پمز سیکٹر جی 8/3 -اسلام آباد 4،660، 317
،اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر) پی ایم ہاس (کمپلیکس
اسلام آباد 4،632، 966، پراجیکٹ ڈائریکٹر اسلام
آباد ہسپتال کمپلیکس منسٹری آف ہیلتھ سوشل ویلفیئر
گورنمنٹ آف پاکستان اسلام آباد 4،536، 217،
سپرنٹنڈنٹ نیو سنٹرل جیل سٹیڈیم روڈ بہاولپور
4،526، 144، ڈپٹی ڈائریکٹر مکینیکل ڈویژن 2
کمرہ نمبر 1 بلاک کیو پاک سیکریٹریٹ بلڈنگ اسلام آباد
4،467، 336، مس لیڈی ویلنگٹن ہسپتال راوی روڈ
لاہور 4،433، 308، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ
ہیڈ کوارٹر ہسپتال شیخوپورہ 4،207، 190، ایگزیکٹو
انجینئر) سی ای ایم (ڈویژن 1-پاک پی ڈبلیو ڈی
اسلام آباد کونسٹیٹیوشن ایونیو) کوہسار بلاک (سیکٹر
ایف 5 -، نزد پاک سیکرٹریٹ اسلام آباد
4،161، 696، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ نیو او پی ڈی
بلاک سروس ہسپتال، لاہور 4،008، 672، ایم ایس
سروسز ہسپتال جیل روڈ لاہور 3،925، 552،
سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل ڈسٹرکٹ جیل جہلم
3،881، 295، سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس لائنز بارکس
چکوال 3،800، 382، ڈپٹی ڈائریکٹر) ایم این اے
ایز ہاسٹل (ایئر کنڈیشننگ ایف 2-5 /اسلام آباد
3،670، 468، سپرنٹنڈنٹ سنٹرل جیل بالمقابل
کورٹ پشاور 3،574، 784، ایگزیکٹو انجینئر لاہور
سنٹرل ای -ایم 5 چمبہ ہاس لاہور 3،430، 087
،میڈیکل سپرنٹنڈنٹ) انسٹھر کے لیے (ڈی ایچ کیو
ہسپتال قصور 3،414، 616، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ
سرجیکل وارڈ اینٹ وارڈ میڈیکل وارڈ نمبر 1 اور 2
بہاول وکٹوریہ ہسپتال بہاولپور 3،342، 210، ڈپٹی
ڈائریکٹر مکینیکل فیڈرل گورنمنٹ سروسز ہسپتال جی -
6/3 اسلام آباد 3،311، 012، ایم- ایس بلیسڈ
ٹیکسٹائل لمیٹڈ رہائشی کالونی یونٹ نمبر 03، 18 کلومیٹر
شیخوپورہ، فیصل آباد روڈ فیروز وٹن شیخوپورہ
3،281، 801، ایگزیکٹو ڈائریکٹر راولپنڈی انسٹی
ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سٹاف کالونی آر ایم سی راول روڈ
راولپنڈی 3،154، 844، سپرنٹنڈنٹ جیل ڈسٹرکٹ
جیل مظفرگڑھ 3،062، 651، سیمی پرمیننٹ پولیس
بیرک نمبر 4 ایف 6/3 اسلام آباد 3،011، 636،
انچارج پولیس لائنز وائرلیس اسٹیشن ایمرجنسی اسٹیشن
ریسٹ ہاس میس بیرکس اے - آباد پی کوڈ (22010)،
3،010، 459، سپرنٹنڈنٹ جیل) ایم /ایس سینٹرل
جیل (رہائشی کالونی ہائی سیکورٹی جیل مانوالی
2،946، 823، سپرنٹنڈنٹ جیل ڈسٹرکٹ جیل
شیخوپورہ 2، 917، 494، سپرنٹنڈنٹ قید جیل باورچی
کھانا ملتان 2، 841، 183، میڈیکل سپریڈنٹ ٹی
ایچ کیو ہسپتال گلڈنہ روڈ مری 2،821، 289، پرنسپل
سروس انسٹی ٹیوٹ سروس انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل
سائنس) سمز (سروس ہسپتال جیل روڈ لاہور
2،802، 560، سب ڈویژن آفیسر چوتھار ہائشی علاقہ
بلڈنگ جی او آر 1 کمیونٹی ہال اور اسکواش ہال 5 ٹولنٹن
روڈ لاہور 2،763، 566، ایم- ایس ڈسٹرکٹ سینٹرل
جیل حافظ آباد 2،724، 528، اڈیالہ جیل راولپنڈی
2،701، 008، ڈپٹی ڈائریکٹر ورکس) 3 ای ایم 2 (
این او ایس پولیس بیرک) جی ایف (بیرک نمبر 1 نزد
شمس گیٹ ڈپلومیٹک انکلیو سیکٹر جی 5-اسلام آباد
2،562، 257، ایس پی ہیڈ کوارٹر ٹریفک برائے
ٹریفک پولیس لائنز مناواں نیو پولیس ٹریننگ سکول اڈہ
شبیل مناواں جی ٹی روڈ لاہور 2،551، 307،
میڈیکل سپرنٹنڈنٹ نیو ریلوے ہسپتال ویسٹریج
راولپنڈی کینٹ 2،545، 945، ڈپٹی ڈائریکٹر سی ڈی
اے اسلام آباد تھانہ ایف 7 مرکز اسلام آباد
2،543، 448، ایڈمن بلاک اور دیگر ریپڈ ریسپانس
فورس برائے آئی سی ٹی پولیس سیکٹر ہاس 11/2 اسلام
آباد 2،539، 979، ڈپٹی ڈائریکٹر ای ایم ڈویژن سی
ڈی اے اسلام آباد، ایوان صدر 2،512، 894، سینئر
سپرنٹنڈنٹ آف پولیس میس چونگ ملتان روڈ لاہور
2،432، 034، ایڈمن آفیسر سروے آف پاکستان
آفس مری روڈ فیض آباد راولپنڈی 2،349، 506،
آئی سی فرسٹ ویمن ہسپتال) محمد سجاد (پہلا ویمن ہسپتال
جیل چوک کرک 2،316،797، میس پولیس لائنز سول
لائنز گجرات 2، 284، 255، سپرنٹنڈنٹ جیل
ڈسٹرکٹ جیل گجرات 2،228، 630، XEN
ناردرن ایریا ہاس ایف 1 /5 -اسلام آباد
2،222، 522، پرنسپل سپیشل ایجوکیشن برائے جسمانی
طور پر معذور بچوں) پی ایچ ایل (جی 4/8 اسلام آباد
2،196، 800، سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل فیصل
آباد 2،159، 894، ڈپٹی ڈائریکٹر ورکس ایل آئی
آئی) ای/ایم (سیکنڈ پولیس بیرک) جی ایف (بیرک I
ڈپلومیٹک انکلیو نزد شمس گیٹ سیکٹر جی 5 اسلام آباد
2،144، 733، ایم /ایس ڈی آئی جی آفس فیصل
آباد ریج پولیس لائن فیصل آباد 2،122، 343، ڈپٹی
ڈائریکٹر ڈویژن ایم مکینیکل ڈویژن 2 کمرہ نمبر 1
بلاک کیو پاک سیکٹریٹ بلڈنگ اسلام آباد بلاک -بی
2،104، 823، ایگزیکٹو انجینئر پراجیکٹ ای /ایم
ڈویژن پی ڈبلیو ڈی کارڈیک سرجری سہولت پمز، اسلام
آباد 2،082، 047، چیف سکیورٹی افسر کری روڈ
راولپنڈی 1،943، 644، سپرنٹنڈنٹ آف
بوائز سٹل نزد میونسپل کارپوریشن بہاولپور 1،931، 067
، ایڈمنسٹریٹر مرکز طیبہ جی ٹی روڈ مرید کے
1،928، 122، انچارج تھانہ سٹی سرائے عالمگیر جی ٹی
روڈ سرائے عالمگیر 1،908، 960، ڈپٹی ڈائریکٹر
الیکٹریکل I - سی ڈی اے ہیلی پورٹ وغیرہ ٹان بازار
نمبر 8 گلی نمبر 57 جی 6/4 -اسلام آباد
1،898، 793، سپرنٹنڈنٹ آف جیل ڈسٹرکٹ جیل
رحیم یار خان 1،894، 816، ڈائریکٹر) ورکس (
سپیشل ایجوکیشن سوشل ویلفیئر نیشنل انسٹی ٹیوٹ برائے
معذور گلی نمبر 9 جی 2 / 8-اسلام آباد
1،782، 497، سپرینٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل ملتان
1،685، 234، ڈسٹرک سپرنٹنڈنٹ جیل پکن بلاک
ڈسٹرکٹ جیل اٹک 1،640، 969، ڈسٹرکٹ جیل
شاہ پور 1،633، 195، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ
کیو ہسپتال) ایس سی (اوکاڑہ 1،609، 273، ڈپٹی
ڈائریکٹر ورکس)III - ای- ایم 2 (نمبر پولیس بیرک
) فرسٹ اینڈ سیکنڈ فلور (بیرک آئی ڈپلومیٹک انکلیو نزد
شمس گیٹ جی 5 اسلام آباد 1،565، 507، پاکستان
پلاننگ اینڈ مینجمنٹ انسٹی ٹیوٹ پلاٹ نمبر 6 گلی نمبر 1
سیکٹر ایچ 8/1 اسلام آباد 1،522، 524، ایگزیکٹو
ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ ڈسٹرکٹ پشاور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ
وومن اینڈ چلڈرن ہسپتال جی ٹی روڈ پشاور
1،521، 379، ڈسٹرکٹ مینیجر آفس TEVTA
ضلع اٹک 1، 507، 710، چیف ایگزیکٹو آفیسر
500 بیڈ واہ جنرل ہسپتال نزد لالہ رخ، جی ٹی روڈ واہ
کینٹ 1،494، 871، پراجیکٹ ڈائریکٹر اسلام آباد
ہسپتال کمپلیکس انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ سوشل ویلفیئر
گورنمنٹ آف پاکستان اسلام آباد 1،486، 296،
پرنسپل پاکستان براڈکاسٹنگ اکیڈمی پلاٹ نمبر 37-
سیکٹر- ایچ 9/ اسلام آباد 1،483، 648، انچارج
ایڈمنسٹریشن پیٹرولیم ہاس وزارت توانائی ''پیٹرولیم
ڈویژن '' پیٹرولیم ہاس نزد اسٹیٹ بینک آف پاکستان
سیکٹر جی 5/2 -، اسلام آباد 1،483، 359،
سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ہیڈ کوارٹر ایچ 11- اسلام آباد
وی ایچ ایف کنٹرول پی اسٹیشن آبپارہ اسلام آباد
1،430، 765، XEN پاک پی ڈبلیو ڈی نیو آفس
بلڈنگ کیبنیٹ سیکریٹ نمبر 1 سٹیفن روڈ / 472 -
ڈی سیٹلائٹ ٹان راولپنڈی 1، 427، 016،
میڈیکل سپرنٹنڈنٹ چلڈرن ہسپتال ابدالی روڈ چوک
فوارہ ملتان 1،422، 197، XEN پروجیکٹ) ای
-این (سی /او سی ڈی اے واشمین پوائنٹ ایوان صدر
اسلام آباد 1،415، 143، ایم ایس لیڈی ایچی سن
ہسپتال، ہسپتال روڈ لاہور 1،402، 448، ایگزیکٹو
انجینئر برن کیئر سنٹر پمز اسلام آباد 1،396، 851،
میڈیکل سپرنٹنڈنٹ آپریشن ٹی بہاول وکٹوریہ ہسپتال
بہاولپور 1، 352، 679، منیجر آپریشن ہائیڈرو کاربن
ڈویلپمنٹ انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان پلاٹ 18 ایچ 9
اسلام آباد 1، 335، 125، ڈپٹی ڈائریکٹر محمد نواز
شریف او /ایس کی گیٹ لاہور 1، 318، 099،
ڈسٹرکٹ جیل بہاولنگر 1، 317، 093، پروجیکٹ
ڈائریکٹر اسلام آباد ہسپتال کمپلیکس منسٹری آف ہیلتھ
سوشل ویلفیئر حکومت پاکستان اسلام آباد
1، 311، 108، ابرار احمد خلیل بستی موضع دورانہ لنگانہ
ریجنل آفس سی ٹی ڈی پنج کوہاٹ روڈ نزد بستی بہاولپور
1، 306، 978، ڈپٹی ڈائریکٹر ورکس II سی ڈی اے
پولیس بیرک نمبر- برطانوی ہائی کمیشن ڈپلومیٹک
انکلیو اسلام آباد 1، 285، 332، ڈپٹی ڈائریکٹر) پی
اینڈ ڈی (ہیڈ کوارٹر اینٹی نارکوٹکس فورس اینٹی نیروکٹیز
ڈیپارٹمنٹ ایچ 1/ 11 اسلام آباد نزد پولیس لائن
1، 285، 283، ایڈمن بلاک ایف 5 -اسلام آباد
میں پاپولیشن ہاس 1، 262، 087 سپرنٹنڈنٹ
ڈسٹرکٹ جیل آر -او ڈسٹرکٹ جیل سیدو شریف
سوات 1، 236، 316، دی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ
ہسپتال C&ICH ملتان لانڈری پلانٹ آف چلڈرن
اینڈ انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ ملتان 1، 234، 682
، XEN سنٹرل ای/ایم سب ڈویژن پاک پی ڈبلیو
ڈی پشاور انکم ٹیکس بلڈنگ جمرود روڈ پشاور
1، 232، 519، آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کارپوریشن
جناح ایونیو بلیو ایریا اسلام آباد 1، 227، 021، ڈپٹی
ڈائریکٹر سی اینڈ ایم غزالی اول بوائز ہاسٹل ہیڈ کوارٹر ٹرسٹ
ایچ 12-اسلام آباد 1، 225، 172، پاک انسٹی
ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز جی 3/ 8 اسلام آباد
1، 185، 842، اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر 2
پروجیکٹ ای ایم این ٹی آر سی آفس ایچ 8/3 اسلام
آباد 1، 181، 060، پوسٹ گریجویٹ میڈیکل کالج
ہاسٹل نمبر 142 پمز اسلام آباد 1، 177، 392، ڈی
الیکٹ آئی سی ڈی اے آفیسرز میس ریزیڈینشل بلاک
نیشنل پولیس اکیڈمی ایچ 11 اسلام آباد
1، 170، 670، اسسٹنٹ ڈائریکٹر پی ڈی پی آئی یو
یف ایس اے، ہوم ڈیپارٹمنٹ فرانزک سائنس لیب-
میٹرو بی ایچ ہونڈا ٹویاٹا موٹرز اولڈ ملتان روڈ ٹھوکر نیاز
بیگ لاہور 1، 160، 011، پرنسپل گورنمنٹ گرلز ہائی
سکول وارڈ 6 0، محلہ عید گاہ ولیج مرزا، اٹک
1، 159، 554، اسسٹنٹ کمشنر آفس اولڈ کچہری تلہ
گنگ روڈ چکوال 1، 155، 886، سپرنٹنڈنٹ آف
پولیس آفس چکوال 1، 148، 312، پولیس ویلفیئر
کمیٹیشن سی پی او 2 - آفس چرچ روڈ اولڈ انارکلی لاہور
1، 148، 302، سپرنٹنڈنٹ) جیل (ڈسٹرکٹ جیل
سیالکوٹ 1، 126، 910، اسلام آباد ہسپتال کمپلیکس
پیرامیڈیکل انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد 1، 126، 359،
سپرٹینڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل قصور 1، 119، 273، مسٹر
میڈیکل سپر- ڈی ایچ کیو ہسپتال برائے انسیٹر ننکانہ
صاحب ننکانہ صاحب 1، 112، 271، فیڈرل کالج
آف ایجوکیشن ایڈمن بلاک ورک شاپ 4-ایچ 9 -
اسلام آباد 1، 085، 283، سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس
لائن نمبر 2 ملتان 1، 057، 327، آفیسرز ہوسٹل وارڈ
پاک انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز جی 3/ 8 -
اسلام آباد 1، 032، 740، ڈپٹی ڈائریکٹر الیکٹرک 1
سی ڈی اے 20 بیڈ ہسپتال برائے پولیس لائن ایچ
11 -اسلام آباد 1، 023، 826، پروجیکٹ
ڈائریکٹریٹ اوقاف داتا دربار نئی مسجد
لاہور 1، 019، 481، ایم /ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال
ہسپتال ٹیکسلا 1، 012، 953۔

بقیہ 13

میں لاڈلے کی انا کی تسکین کیلئے اذیتیں دی جاتیں تھیں، عمران خان کے دور میں بیٹیوں بہنوں کو بھی نیب نے گرفتار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اب صرف قانون حرکت کرے گا، قانون کسی کے تابع نہیں

بقیہ 14

میں رائل آرمی آف عمان کے کمانڈر میجر جنرل مترسلیم البلوشی نے ان کا استقبال کیا، اس موقع پر ہونے والی ملاقات میں دوطرفہ فوجی تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات کے دوران فریقین نے باہمی دلچسپی کے مختلف عسکری موضوعات پر تبادلہ خیال کیا، جس میں کئی سینئر افسران نے شرکت کی۔ اس سے پہلے شاہی دفتر کے وزیر جنرل سلطان محمد النعمانی نے اپنے دفتر میں جنرل عاصم منیر کا استقبال کیا، ملاقات کے دوران فریقین نے خوشگوار گفتگو کا تبادلہ کیا

بقیہ 15

ہے۔ لیاقت بلوچ نے جماعت اسلامی کراچی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کارکنان نے بے مثال محنت سے کراچی کے عوام کو تعمیر و ترقی کا وژن اور حوصلہ دیا ہے، کراچی کے عوام نے جماعت اسلامی پر بڑا اعتماد کردیا ہے، عوامی مینڈیٹ چرانے والے رسوا ہونگے اور جمہوریت کے چہرے کو داغدار کرنے کے مجرم بنیں گے

بقیہ 16

لبات سے کوئی فیس وصول نہیں کی جائے گی۔ یہ کورسز محکمہ انڈسٹریز، ہائیر ایجوکیشن اور سکول ایجوکیشن کے اشتراک سے گوجرانوالہ، لاہور، ملتان، راولپنڈی، ساہیوال، سرگودھا، بہاولپور، فیصل آباد اور سیالکوٹ میں انعقاد پذیر ہونگے۔ حکومت پنجاب کی طرف سے جن کورسز کا آغاز کیا جارہا ہے ان میں گھریلو الیکٹریشن، پلمبر، ہیٹنگ وینٹی لیشن، ائر کنڈیشننگ اور ریفریجریشن، ٹیلرنگ، کمپیوٹر ایپلیکیشنز، کوکنگ بیوٹیشن، سیفٹی انسپکٹر، باغبانی، کچن گارڈننگ، کشیدہ کاری، آف سیٹ پرنٹنگ، ہوم اپلائنسز اور سی این سی مشین آپریٹر کے کورس شامل ہیں۔ محدود سیٹوں پر مشتمل ان کورسز میں داخلہ کیلئے آخری تاریخ 25 مئی مقرر کی گئی ہے۔ حکومت پنجاب کی طرف سے ٹیوٹا کے زیر اہتمام مفت کرائے جانے والے مختصر دورانیہ کے ان کورسز سے نہ صرف طلباوطالبات کو تعلیم مکمل کرنے کے بعد روزگار کے حصول میں آسانیاں میسر آئینگی بلکہ بیروزگاری کم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

بقیہ 17

ضرورت ہوگی، اگر ہمیں پیٹرولیم مصنوعات سستے داموں میں ملتی ہیں تو ہم روس کے پاس جائیں گے۔ وزیرمملکت نے کہا کہ ہمیں امریکہ یا کسی اور ملک کے ساتھ کوئی مسائل درپیش نہیں آئے، بہت سے ممالک قانونی طریقے سے روس سے پیٹرولیم مصنوعات خرید رہے ہیں، اس کے مقابلے میں پاکستانی درآمدات ایک قطرے کے برابر ہیں لیکن ہمیں فائدہ پہنچتا ہے۔ پاکستان پیٹرولیم کے سیکرٹری انفارمیشن خواجہ آصف محمود کا کہنا ہے کہ روسی تیل آنے کے بعد ملک میں پٹرول کی قیمت میں 100 روپے تک کی واقع ہوسکتی ہے، بین الاقوامی منڈیوں میں تیل کی قیمت کم ہونے کے بعد اصولی طور پر تو پاکستان میں بھی پٹرول سستا ہونا چاہئے تھا، تاہم ہماری حکومت معاشی میدان میں بنے ہوئے گہرے کھڈے کو اس فرق سے بھرنے کی کوشش کررہی ہے، روس سے معاہدہ کے مطابق مارکیٹ کی قیمت سے 15 سے 18 ڈالر سستا تیل مل رہا ہے، اگر حکومت ایک آدھا لیٹر بھی عوام کو ریلیف دے تو یہ کافی ہوگا۔ انہوں نے خبررساں ادارے سے گفتگو میں مزید کہا کہ مئی کے تیسرے ہفتے میں روسی تیل پاکستان پہنچ جائے گا، پہلی کھیپ ٹرائل کے طور پر پاکستان آ رہی ہے، ابھی ہمارے پاس دو آئل ریفائنریز ہیں جو روسی تیل کو ریفائن کرسکتی ہیں، دیگر ریفائنریزی پر کام کی ضرورت ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان نے ٹیسٹ کیس کے طور پر روس سے کروڈ آئل کے امپورٹ کے لیے پہلا آرڈر دے دیا ہے، روس سے ایک لاکھ ٹن کروڈ آئل کی پہلی شپمنٹ مئی کے آخری یا جون کے پہلے ہفتے میں پاکستان پہنچے گی، اس شپمنٹ پر پاکستان کو 18 ڈالر فی بیرل تک ڈسکاؤنٹ حاصل ہوگا۔

بقیہ 18

ہاتھا پائی بھی ہوئی۔ عمران خان کی گرفتاری کی ویڈیو بھی سامنے آگئی ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ رینجرز اہلکاروں کی بڑی تعداد عمران خان کو گرفتار کرکے گاڑی تک لے گئی۔ ذرائع کے مطابق عمران خان کی ٹانگ زخمی تھی جس وجہ سے انہیں آج وہیل چیئر پر ہی عدالت میں پیش کیا گیا تاہم رینجرز اہلکار عمران خان کو پکڑ کر گاڑی تک لے گئے۔ ذرائع کے مطابق عمران خان پرسکون بیٹھے تھے، شیشے توڑ کر عمران خان کو گرفتار کیا گیا۔۔

بقیہ 19

کو کچھ عرصہ پہلے قتل کردیا تھا جبکہ پیپلز کالونی پولیس نے قاتل کے خلاف مقدمہ کا اندراج عمل میں لاتے ہوئے چالان سیشن کورٹ میں بھیج دیا۔ اس وقت کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج افتخار احمد نے 2019 میں مجرم وسیم ریاض کو محمد عباس کے قتل کے جرم میں سزائے موت اور ایک لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا تھا۔ اس فیصلہ کے خلاف مجرم نے لاہور ہائیکورٹ میں رٹ پٹیشن دائر کی، لاہور ہائیکورٹ کے ڈویژنل بنچ نے سماعت کے بعد مجرم کی سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کردیا ہے جبکہ اس حوالہ سے جیل حکام سمیت متعلقہ ذمہ داروں کو تحریری طور پر مطلع کردیا گیا ہے۔

بقیہ 20

ٹرسٹ کے چیرمین ابرار الحق اور دیگر کاروباری اور سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ پروگرام کے روح رواں محمد صدیق شیخ صاحب اور سی ایس آر کمیٹی کے کنوینر محمد ربانی صاحب، طارق شفیع صاحب، چیمبر آف کامرس کے سلیمان چاولا، تاہر انصاری، عمر الغفالی، ڈاکٹر شادمہ نے میڈیا کو تھیلیسیمیا فری پاکستان پروگرام کے خدوخال سے آگاہ کیا۔ تھیلیسیمیا فری پاکستان پروگرام کے تحت عوام میں اس جان لیوا بیماری ہے بارے میں شعور بیدار کرنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں اس مرض کی منتقلی کو روکنے کے عملی اقدامات بھی کیے جائیں گے۔ تھیلیسیمیا فری پاکستان پروجیکٹ کے بہتر ثمرات حاصل کرنے کے لیے مختلف اداروں اور تنظیموں سے اشتراک بھی کیا جائے۔ اس پروگرام کو کامیاب بنانے کے لیے، ہلٹن فارما، پاور پلس کمپنی، پاک غذا، ڈالڈا، شیلڈ، ہیملٹن فارمہ، کھو ٹائر، بارکیو، فیروز، 1888 گوڈ ائیر، سندھ لیب، کاٹی، بلیو نوٹ، جی ایم لیدر، فارمہ سی وی او، دین گروپ نے شرکت کی۔ تھیلیسیمیا فری پاکستان پروگرام کے تحت شعور کی بیداری کے ساتھ غیر شادی شدہ نوجوانوں کے خون کے ٹیسٹ کیے جائیں گے۔ تھیلیسیمیا سے متاثرہ افراد کو آگاہی دی جائے گی کہ وہ شادی کرتے وقت یقینی بنائیں کہ ان کا شریک حیات تھیلیسیمیا سے متاثر نہ ہو۔ یہی اس مرض کی روک تھام کا طریقہ ہے۔ بہت جلد اس پروگرام کا عملی اطلاق کراچی سے شروع کردیا جائے گا

بقیہ 21

سامان چرالیا واقعے کی اطلاع ملتے پولیس تھانہ گوجرخان جائے وقوعہ پر پہنچی اور ضابطے کی کاروائی کی جبکہ فرانزک ٹیم نے جائے وقوعہ سے شواہد اکھٹے کیے پولیس نے متاثرہ شہری کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے اپنی تفتیش کا آغاز کردیا

بقیہ 22

کوانکے گھروں کی دہلیز پر علاج ومعالجہ کی جو سہولت فراہم کررہی ہے یہ ایک احسن اقدام ہے۔ دکھی انسانیت کی خدمت کرنے میں الخدمت فاؤنڈیشن موجودہ کڑے حالات میں پیش پیش اور سب سے آگے ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن اپنے ان فلاحی اقدامات کے باعث عوام کے دل جیت چکی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے منگل کو جماعت اسلامی کے فلاحی ادارے الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ڈگری تعلقہ کی یونین کونسل پنن کے گاؤں دیہہ 149 گوٹھ حاجی غلام محمد مہر میں لگائے گئے

بقیہ 23

آبادی اور غذائی تحفظ کی ضرورت نے پائیدار اور موثر زرعی طریقوں کی مانگ کو تیز کردیا ہے جو ماحولیاتی اثرات کو کم کرتے ہوئے فصلوں کی پیداوار کو بڑھا سکتے ہیں۔ ایروپونک آلو کاشتکاری ان چیلنجوں کا ایک امید افزا حل پیش کرتی ہے، جو پیداوار کو بڑھاتا ہے اور پانی اور کیڑے مار ادویات کے استعمال کو کم کرتا ہے۔ اس جدید تکنیک کے ذریعے، پاکستان پائیدار اور موثر زرعی طریقوں کو حاصل کرتے ہوئے تازہ، اعلیٰ معیار کے آلو کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنا سکتا ہے۔ جمہوریہ کوریا کے سفیر (H.E. Suh Sangpyo) جناب سو سانگ پیو، مہمان خصوصی کے طور پر TCP پر دستخط کی تقریب میں موجود تھے۔ اپنی تقریر کے دوران، انہوں نے پاکستان اور کوریا کے درمیان مشترکہ کوششوں پر روشنی ڈالی، جس میں آلو کے بیج کی پیداوار کا مشترکہ منصوبہ بھی شامل ہے جو تیز رفتاری سے جاری ہے۔ انہوں نے یہ بھی انکشاف کیا کہ پائپ لائن میں اور بھی کئی منصوبے ہیں جن پر جلد کام شروع کر دیا جائے گا۔ مزید برآں انہوں نے پاکستانی پیشہ ور افراد کو ان کی مہارتوں اور علم میں اضافہ کرنے کے لیے زراعت میں تکنیکی تربیت کے مواقع فراہم کر کے دونوں ممالک کے درمیان زیادہ سے زیادہ تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر غلام محمد علی نے پاکستان کے لیے آلو کے ایروپونک بیج تیار کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ TCP پر دستخط کی تقریب میں انہوں نے وضاحت کی کہ آلو کے روایتی پودوں سے صرف پانچ ٹیوبر کے بیج ملتے ہیں، جب کہ ایروپونک پودے 50 سے 60 بیج پیدا کر سکتے ہیں۔ پاکستان تقریباً 300,000 ہیکٹر رقبے پر آلو کاشت کرتا ہے لیکن ملکی بیجوں کی کوالٹی خراب ہونے کی وجہ سے ہر سال 15,000 سے 20,000 ٹن آلو کے بیج درآمد کرتا ہے۔ اس سے کاشتکاروں پر دباؤ پڑتا ہے جو اعلیٰ معیار کے درآمد شدہ بیجوں کے متحمل نہیں ہوتے، جس کے نتیجے میں پیداوار کم ہوتی ہے۔ تاہم، ایروپونک آلو کے بیج کے منصوبے کے نفاذ سے، پاکستان سالانہ 3-2 ارب روپے کی بچت کرسکتا ہے اور آلو کے بیج کی پیداوار میں خود کفالت حاصل کرسکتا ہے۔

بقیہ 24

ٹوئٹر اکاؤنٹ پر عمران خان کی گرفتاری کی خبر شیئر کی۔ ایک اور ٹویٹ میں لکھا گیا توشہ خانہ سے تحائف چوری کرکے نا صرف عمران خان نے غیر قانونی طور پہ مال بنایا بلکہ پاکستان کی بدنامی کا باعث بھی بنا ایسے قومی مجرم کا ٹھکانہ صرف جیل ہی ہے۔ واضح رہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ پہنچنے والے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی)، سابق وزیراعظم عمران خان کو رینجرز نے نیب کے القادر ٹرسٹ کیس میں گرفتار کرلیا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان بائیو میٹرک کروانے کے لیے جیسے ہی ہائی کورٹ کے متعلقہ آفس جانے لگے تو راستے میں انہیں رینجرز نے اپنی حراست میں لے لیا۔ ذرائع کے مطابق رینجرز کے ہمراہ موجود نیب حکام کے پاس عمران خان کی گرفتاری کے وارنٹ موجود تھے

بقیہ 25

ریسپانڈ کیا جن میں 620 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی اور تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 565 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیمز کی جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد 70) فیصد (موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کیا جائے اور اولین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔

بقیہ 26

کرپشن اور کرپٹ پریکٹسز میں ملوث ہونے کا الزام ہے۔ ذرائع کے مطابق نیب نے عمران خان کو نیشنل اکاؤنٹیبلٹی آرڈیننس 1999 کے سیکشن 9 اے کے تحت گرفتار کیا، عمران خان کو نیب نے 34 اے، 18 ای، 24 اے کے تحت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے گرفتار کیا۔ علاوہ ازیں چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کو اسلام آباد ہائیکورٹ کے احاطے سے گرفتاری کے بعد نیب ریجنل آفس راولپنڈی منتقل کردیا گیا۔ عمران خان کی گرفتاری کے بعد نیب ریجنل آفس راولپنڈی کے باہر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کردیئے گئے۔ پولیس نے نیب آفس آنے والے راستے ٹریفک کیلئے بند کردیے۔ نیب ریجنل آفس کے باہر اینٹی رائٹس فورس کے دستے پہنچ گئے۔

بقیہ 27

توڑ کر ڈائری برانچ میں داخل ہوئے۔ بیرسٹر علی گوہر کا کہنا ہے کہ رینجرز نے سب سے پہلے ہائیکورٹ کے مین گیٹ کو توڑا، رینجرز نے بائیو میٹرک والی جگہ پر توڑ پھوڑ کی، شیشے توڑے۔ بیرسٹر علی گوہر نے میڈیا سے گفتگو کے دوران دعویٰ کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان کو زخمی ٹانگ پر بھی مارا گیا، عمران خان کو سر اور ٹانگ پر مارا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان کو گرفتار کرنے اور تشدد کرنے والے رینجرز کے اہلکار تھے

بقیہ 28

ملزمان کو گرفتار کیا جائے گا اور مقدمے کو حقائق کی روشنی میں یکسو کیا جائے گا کسی کو بھی جس بیجا میں رکھ کر تشدد کا نشانہ بنانا ناقابل برداشت فعل ہے قانون اس کی ہرگز اجازت نہیں دیتا ملزمان کو گرفتار کرکے کڑی سے کڑی سزا دلوائی جائیگی مدعی مقدمہ غلام قمر ولد زمرد حسین سکنہ وارڈ نمبر 16 ڈھوک حیات علی نے پولیس تھانہ گوجرخان کو درخواست دیتے ہوئے بتایا

بقیہ 29

کا نشانہ بنایا تھا۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج رانا محمد سعید نے تھانہ پیپلز کالونی کے مقدمہ اغوا و زیادتی کے مقدمہ کی سماعت کے دوران مجرم نفیس کو 2 بار سزائے موت اور 2 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں مجرم کو قید کی مزید سزا بھگتنا ہوگی

بقیہ 30

گرفتاری کے لیے پولیس اور رینجرز عدالت میں آکر حملہ کیا، عدالت کے شیشے توڑے گئے اور تشدد کیا گیا، عمران خان کے گارڈز پر حملہ کیا گیا، اس تشدد کا کوئی جواز نہیں بنتا، پی ٹی آئی رہنماؤں سے رابطے میں ہوں۔ عمران خان کی گرفتاری لندن پلان کا منصوبہ ہے، ان کی گرفتاری پر کارکنوں میں بے چینی ہے، عمران خان کی گرفتاری پر بھرپور ردعمل دیں گے، چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری قابل قبول نہیں ہے، احاطہ عدالت میں غنڈہ گردی کا کوئی جواز نہیں تھا، سابق وزیراعظم کو فوری عدالت میں پیش کیا جانا چاہیے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ پر رینجرز نے قبضہ کرلیا ہے، وکلا کو تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے، عمران خان کی گاڑی کے گرد گھیرا ڈال لیا گیا ہے۔

بقیہ 31

سرگودھا ریجن کے اسسٹنٹ کمشنر میانوالی نے گندم ذخیرہ اندوزوں کے خلاف ایکشن میں چھاپے مار کر پرائیویٹ گودام سے 400 بوری گندم موضع لعلوخیلا نوالہ کے سٹور سے 300 بوری گندم برآمد کرلی جن کو سیل کر کے مالکان کے خلاف قانونی کاروائی کی جارہی ہے۔

بقیہ 32

پاکستان کے مقبول ترین لیڈر ہیں کوئی بھی عمران خان کا بال بھی بیکا نہیں کرسکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان عدالت میں ضمانت کیلئے پیش ہو چکے تھے ان کو گرفتار کرنا قانون کی دھجیاں بکھیرنے کے مترادف ہے، ہم عمران خان کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑے ہیں، ثابت ہوگیا ہے کہ ملک فسطائیت کا شکار ہو چکا، یہاں پر آئین و قانون کی عمل داری نہیں ہے، عمران خان کے ہمراہ وکیلوں کو بری طرح مارا پیٹا گیا۔ سابق وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ کارروائی نواز شریف اور شہباز شریف اور ان کے پھورانا ثنااللہ کی ہدایات کے بغیر نہیں ہوسکتی، عمران خان پر حملہ ہوا ہے ان کا یہ حق بنتا ہے کہ وہ جس کو ایف آئی آر میں نامزد کریں اس کا نام شامل ہونا چاہئے، عدلیہ پر بڑی بھاری ذمہ داری آن پڑی ہے، اب عدلیہ کا امتحان ہے، وکلا کا امتحان ہے، اب کالا کوٹ انقلاب لے کر آئے گا۔

بقیہ 33

مثبت آئے اور وہاں پر شرح 2.36 فیصد رہی

بقیہ 34

، نڈر اور ایماندار لیڈر ہے۔ حماد اظہر نے کہا ہے کہ عمران خان نے کوئی گناہ نہیں کیا، کوئی لاکھوں کروڑوں روپے نہیں لوٹے۔ دوسری جانب رہنما پی ٹی آئی اسد عمر نے عمران خان کی گرفتاری پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے لکھا ہے کہ پاکستان کے سب سے بڑے سیاسی لیڈر کو ہائیکورٹ پر حملہ کر کے گرفتار کیا گیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ پوری دنیا کو دکھایا جارہا ہے کہ ملک میں کوئی قانون باقی نہیں۔ اسد عمر نے کہا ہے کہ شاہ محمود قریشی کی سربراہی میں 6 رکنی کمیٹی جو عمران خان صاحب نے بنائی تھی وہ لائحہ عمل کا اعلان کرے گی۔

بقیہ 35

عمران خان کو قادر ٹرسٹ کیس میں گرفتار کیا گیا ہے۔ حالات معمول کے مطابق ہیں۔ آئی جی اسلام آباد نے مزید کہا کہ دفعہ 144 نافذ العمل ہے خلاف ورزی کی صورت میں کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسلام آباد میں دفعہ 144 نافذ العمل ہے۔ کسی بھی فرد فرد پر کسی بھی قسم کا تشدد نہیں کیا گیا۔ عمران خان کی گاڑی کے گرد پولیس کا حفاظتی حصار ہے۔ جسٹس عامر فاروق چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری ہر برہم ہوگئے۔ جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ ہائیکورٹ کی حدود کے اندر سے عمران خان کو گرفتار کیا گیا، گرفتاری کے دوران اسلام آباد ہائیکورٹ کے شیشے بھی توڑے گئے

بقیہ 36

آئی کے کارکنان کو ہدایت جاری کردی۔ علی زیدی کا کہنا ہے کہ عدالت سے کسی کو گرفتار نہیں کیا جاسکتا، قوم سوتی رہی تو یہ فاشسٹ حکومت آپ کو بھی نہیں چھوڑے گی۔ رہنما پی ٹی آئی نے اپیل کی پوری قوم خصوصاً سندھ کی عوام سے اپیل ہے باہر نکلیں، سب کو پتہ چلے گا عمران خان کے پیچھے عوام کی بڑی طاقت ہے۔

بقیہ 37

ہم تاریخ سے پہلے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو پاکستان ڈیفالٹ نہیں ہوگا۔ مزمل اسلم کا کہنا تھا کہ نئی حکومت فوری آئی ایم ایف پروگرام میں جائے اور نئے پروگرام پر مذاکرات کرے۔ انہوں نے کہا کہ نئی حکومت کو معیشت پٹڑی پر لانے کے لیے جارحانہ اصلاحاتی منصوبے پر عمل کرنا چاہیئے، پاکستان تحریک انصاف نے اپنا ہوم ورک مکمل کرلیا ہے، باقی جماعتوں کا علم نہیں۔

بقیہ 38

جب یہ سڑکوں پر آئیں گے تو ان کا حال پہلے سے مختلف ہوگا۔ رانا ثناء اللہ نے مزید کہا کہ یہ ممی ڈیڈی کلچر کے لوگ ہیں۔ سوشل میڈیا پر ہی احتجاج کرسکتے ہیں، یہ لوگ 6 دن سے زیادہ جیل میں نہیں رہ سکتے۔ وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ الیکشن اسمبلیوں کی مدت پوری ہونے کے بعد ہوں گے۔ 14 مئی کو الیکشن نہیں ہوں گے، باقی اسمبلیوں کی مدت پوری ہونے کے بعد اکتوبر میں الیکشن ہوں گے۔ عدالت نے فیصلہ کیا لیکن اس پر عمل درآمد نہ ہونے کی کچھ وجوہات ہیں۔ وزیرداخلہ نے کہا کہ آئین صرف پنجاب کی حد تک کیوں ہے؟ 50 فیصد آبادی والے صوبہ میں پہلے الیکشن سے حق تلفی ہوگی

بقیہ 39

۔واضح رہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچنے والے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی)، سابق وزیر اعظم عمران خان کو رینجرز نے نیب کے القادر ٹرسٹ کیس میں گرفتار کرلیا ہےچیئرمین پی ٹی آئی عمران خان بائیومیٹرک کروانے کے لیے جیسے ہی ہائیکورٹ کے متعلقہ آفس جانے لگے تو راستے میں انہیں رینجرز نے اپنی حراست میں لے لیا۔ ذرائع کے مطابق رینجرز کے ہمراہ موجود نیب حکام کے پاس عمران خان کی گرفتاری کے وارنٹ موجود تھے۔

بقیہ 40

خان بائیومیٹرک کروانے کے لیے جیسے ہی اسلام آباد ہائی کورٹ کے متعلقہ آفس جانے لگے تو راستے میں انہیں رینجرز نے حراست میں لے لیا۔ سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی ویڈیوز اور تصاویر میں موقع پر شور شرابا سنا جاسکتا ہے۔

بقیہ 41

۔دریں اثناء اے این ایف اور ایف سی کی خیبر برقمبر خیل میں مشترکہ کارروائی کے دوران پلاسٹک کے تھیلوں سے 24 کلو 400 گرام چرس برآمد کرلی گئی۔ ترجمان اے این ایف نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ 42

نے عمران خان کو پیش کش بھی کی تھی کہ انہیں تحقیقات کے لیے جو بھی افسر چاہیے وہ اس سے تحقیقات کرانے کے لیے تیار ہیں، ہمیں اعتراض نہیں۔ سابق وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ آپ کسی جج کے خلاف ایف آئی آر نہیں دے سکتے، ان کا اپنا ادارہ موجود ہے، آپ فوج کے ادارے کے خلاف بھی ایف آئی آر نہیں دے سکتے۔ پرویز الٰہی نے کہا کہ فوج ہمارا ادارہ ہے، فوج کی قربانیوں کو کس طرح بھول سکتے ہیں، سیلاب میں فوج نے مدد کی، ائیرفورس اور نیوی کے ساتھ سیلاب متاثرہ علاقوں میں جاتے رہے، فوج کے لوگ شہید ہورہے ہیں، ہم ان کی فیملی سے ملتے ہیں تو دکھ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیف منسٹری کے حوالے سے فیصلے عمران خان نے کرنا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے الزامات کی مذمت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی نے بغیر ثبوت انتہائی بے بنیاد الزامات لگائے، حاضر سروس فوجی افسر پر بغیر ثبوت الزامات انتہائی غیر ذمہ دارانہ ہیں۔

بقیہ 43

کہ شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 44

کا اظہار انہوں نے منگل کو راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر اہتمام خواتین میں چھاتی کے کینسر کے خلاف منعقدہ آگاہی سیشن سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ بیگم ثمینہ عارف علوی نے کہا کہ خواتین میں چھاتی کے کینسر سے آگاہی کا فروغ وقت کی ضرورت ہے کیونکہ چھاتی کے کینسر کی بروقت تشخیص اور علاج سے اس مہلک مرض سے بچا جاسکتا ہے۔ خواتین کو چاہیے کہ جسم میں کسی بھی غیر معمولی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ دومن امپاورمنٹ ایک خوش آئند عمل ہے جو کہ جاری رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آگاہی کی بدولت بریسٹ کینسر سے بچا کے امکانات 90 فی صد ہوتے ہیں، دور دراز علاقوں میں بھی بریسٹ کینسر کی تشخیص کی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانا ہوگا۔ بیگم ثمینہ عارف علوی نے کہا کہ خصوصی افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں

بقیہ 45

پر مشتمل اسلام آباد ہائی کورٹ کے 2 رکنی ڈویژن بینچ نے 7 مقدمات پر سماعت کی۔ عمران خان کو وہیل چیئر پر عدالت لایا گیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت نے سات مقدمات میں عمران خان کی عبوری ضمانتیں 30 مئی تک منظور کر لیں۔ عمران خان کی 7 مقدمات میں ضمانت منظور کی گئی، عدالت نے عمران خان کو 50 ہزار کے ضمانتی مچلکے جمع کروانے کا حکم دیا۔ عدالت نے ہدایت کی عمران خان کی 7 درخواستوں پر ان کے دستخط کروائیں اور انگوٹھے لگوالیں۔

بقیہ 46

سماعت کی۔ عمران خان کو وہیل چیئر پر عدالت لایا گیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت نے سات مقدمات میں عمران خان کی عبوری ضمانتیں 30 مئی تک منظور کر لیں۔ عمران خان کی 7 مقدمات میں ضمانت منظور کی گئی، عدالت نے عمران خان کو 50 ہزار کے ضمانتی مچلکے جمع کروانے کا حکم دیا۔ عدالت نے ہدایت کی عمران خان کی 7 درخواستوں پر ان کے دستخط کروائیں اور انگوٹھے لگوا لیں۔ گذشتہ سماعت پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے تھے کہ ہم نے پہلی سماعت سے آپ کو باور کرایا ہوا تھا کہ آپ کو حفاظتی ضمانت دیں گے، ہم نے آبزرویشن دی تھی کہ ہم آپ کو حفاظتی ضمانت دیتے ہیں

بقیہ 47

علاقہ میں رکھ برانچ نہر سے نامعلوم نوجوان کی تشدد زدہ نعش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق نعش کسی 30، 35 سالہ نوجوان کی لگ رہی ہے جس کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی ہے۔ ظاہری طور پر نعش پر تشدد کے نشانات ہیں تاہم موت کی وجہ پوسٹ مارٹم کے بعد معلوم ہوگی۔ پولیس نے نعش پوسٹ مارٹم کیلئے ڈجکوٹ اسپتال منتقل کردی۔ پولیس نے شاہد اکٹھے کرکے قانونی کارروائی شروع کردی ہے۔

بقیہ 48

کا 7 رکنی میڈیکل بورڈ بھی تشکیل دیا گیا ہے۔ دوسری جانب عمران خان کی گرفتاری کے بعد نیب کا اعلامیہ بھی سامنے آ گیا، نیب اعلامیہ کے مطابق عمران خان کی گرفتاری کی ہدایت چیئرمین نیب نے دی۔ عمران خان کے وارنٹ گرفتاری آئی جی پنجاب کو بھیجے گئے۔ وارنٹ گرفتاری نیب لاہور اور نیب راولپنڈی کو بھی بھیجے گئے۔ عمران خان پر کرپشن اور کرپٹ پریکٹسز میں ملوث ہونے کا الزام ہے۔ اعلامیہ کے مطابق عمران خان کو نیب آرڈیننس کی شق 34 اے، 18 ای اور 24 اے کے تحت گرفتار کیا گیا، عمران خان پر نیب آرڈیننس 1999 کے سیکشن 9 اے کے تحت کرپشن اور بدعنوانی کا الزام ہے۔ عمران خان کی گرفتاری کے لیے احکامات یکم مئی کو جاری کیے گئے تھے۔ جب کہ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ عمران خان کو القادر ٹرسٹ کیس میں گرفتار کیا گیا، حالات معمول کے مطابق ہیں۔ آئی جی اسلام آباد نے مزید کہا کہ اسلام آباد میں دفعہ 144 نافذ العمل ہے، کسی بھی فرد پر تشدد نہیں کیا گیا۔ دفعہ 144 کی خلاف ورزی کی صورت میں کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ یاد رہے کہ نیب نے القادر ٹرسٹ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو گرفتار کیا ہے، رینجرز نے اسلام آباد ہائیکورٹ کے احاطے سے سابق وزیراعظم کو حراست میں لیا۔

بقیہ 49

کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں

بقیہ 50

ن نے فائرنگ کر کے مخالف فریق کی جواں سال لڑکی کو قتل کر دیا جبکہ دیگر 3 خواتین یاسمین، تہمینہ اور رابعہ زخمی ہوگئیں۔ واردات کے بعد ملزم جائے وقوعہ سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ ریسکیو ٹیم نے نعش اور 3 زخمی خواتین کو قریبی ہسپتال منتقل کردیا ہے۔ پولیس نے مبینہ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 51

ہوں، آئی جی اسلام آباد، ایڈیشنل اٹارنی جنرل اور سیکرٹری داخلہ 15 منٹ میں پیش ہوں، اگر 15 منٹ میں پیش نہ ہوئے تو وزیراعظم کو طلب کرلوں گا۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ پیش ہو کر بتائیں کہ کیوں کیا، کس مقدمے میں کیا؟ آپ نے غلط کام کیا ہے جس نے بھی کیا ہے۔ چیف جسٹس نے ایڈووکیٹ جنرل کو ہدایت کی کہ فوری طور پر بتائیں عمران خان کو کس نے گرفتار کیا۔

بقیہ 52

بیان میں کہا کہ آئی ایس پی آر نے بیان دیا ہے کہ ادارے کی توہین کردی فوج کی توہین کردی، ڈی جی آئی ایس پی آر صاحب! عزت صرف ایک ادارے کی نہیں قوم میں ہر شخص کی ہونی چاہیے، اس وقت قوم کی سب سے بڑی پارٹی کا سربراہ ہوں، قوم مجھے جانتی ہے مجھے کوئی جھوٹ بولنے کی ضرورت نہیں ہے، جب کوئی ادارہ اپنے دونمبر لوگوں کو پکڑتا ہے تو وہ ادارہ مضبوط ہوتا ہے۔

بقیہ 53

پیرودھائی پولیس نے ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم احمد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم سجاد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، نیوٹاؤن پولیس نے ملزم عبدالہادی سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم شاکر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، روات پولیس نے ملزم حماد ارشد سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 54

حسن صاحب ایڈیشنل سیشن جج گوجرخان سے منظور ہوگئی ملزم کی طرف سے دلائل راجہ قدیر عباس بھٹی نے پیش کیے راجہ قدیر عباس بھٹی کے دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے ملزم کی ضمانت منظور کرلی گئی

بقیہ 55

جانب سے احتجاج شروع ہوگیا۔ پنجاب اور کے پی میں مختلف شہروں میں کارکنوں نے احتجاج کرتے ہوئے سڑکیں بلاک کردیں جس سے عوام پریشانی کا شکار ہوگئے۔ تحریک انصاف کراچی کی قیادت نے کارکنوں کو طلب کیا جس پر کارکنان اور رہنما انصاف ہاؤس پہنچے۔ کارکنوں ں ے شارع فیصل پر ٹریفک کی روانی بند کردی جس کے سبب گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں، کارکنوں اور شہریوں کے درمیان تلخ کلامی بھی ہوئی۔ احاطہ عدالت میں گرفتاری کے خلاف لاہور جی پی او چوک پر وکلا کی طرف سے احتجاج شروع ہوگیا۔ وکلا نے ٹائر جلا کر سڑک بلاک کردی۔ سڑک بند ہونے سے گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں۔

بقیہ 56

لوگ اپنی خوشی کا اظہار اپنے طریقے سے کرتے ہیں میلے ٹھیلے یہاں کی ثقافت کا ایک اہم جز ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پرنسل گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج اٹک پروفیسر ماجد بھٹی نے میلے کے دوسرے دن فوک میوزیک نائٹ کے موقع پر کیا۔ پروفیسر ماجد وحید بھٹی کا مزید کہنا تھا کہ میلوں کے ذریعے ہم اپنے ملک میں رواداری اور رواداری کی خوشبو پھیلائیں گے جو امن اور انسانیت کے لیے محبت کا پیغام بن کر سامنے آئے گی۔ گندھارن سرزمین نے دنیا کی معروف اور معتبر تہذیبوں کی پرورش کی ہے اور انہوں نے سائنسی، ادبی اور ثقافتی مظاہر کو اجاگر کیا ہے۔

بقیہ 57

یقین دہانی کرائی ہے۔ حکومت کے ذمے 6 ارب روپے بقایا ہے جس کی عدم ادائیگی پر کارپوریشن نے مفت علاج آج سے معطل کرنے کا فیصلہ کیا تھا

بقیہ 58

کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 59

کا اعلان کردیا ہے۔ این اے 11 شانگلہ سے اورنگزیب خان این اے 19 صوابی سے خانزادہ شاہنواز خان عوامی نیشنل پارٹی کے امیدواران ہوں گے۔ افتخار احمد پی کے 7 سوات، ظاہر شاہ خان روزجان (پی کے 9 سوات، ارشاد مومند پی کے 22 ملاکنڈ، سکندر عرفان پی کے 48 صوابی، توصیف اعجاز یوسفزئی پی کے 49 صوابی، محمد زاہد) سابق ناظم اعلی صوابی (پی کے 50 صوابی اور پیر حیدر علی شاہ) سابق ایم این اے (پی کے 93 ہنگو سے عوامی نیشنل پارٹی کے امیدوار ہوں گے۔ چیئرمین صوبائی پارلیمانی بورڈ ایمل ولی خان نے بورڈ اراکین سے مشاورت کے بعد امیدواران کے ناموں کی منظوری دے دی۔

بقیہ 60

فیصلہ کرلیا۔ سردار تنویر الیاس نے اس حوالے باقاعدہ مشاورت کا آغاز کردیا ہے۔ تنویر الیاس کو نااہلی کے وقت پی ٹی آئی کی خاموشی اور عمران خان کے فوج مخالف بیانات پر تحفظات ہیں۔۔ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین کے پاک فوج اور افسروں کیخلاف بیانات کیخلاف پارٹی کے اندر سے بھی شدید ردعمل سامنے آیا۔ سابق وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس نے عمران خان کی طرف سیپاک فوج کیسینیئر حکام کیخلاف مہم پر کہا ہے کہ عمران خان یا کسی کو بھی مسلح افواج کے خلاف بیانات سے گریز کرنا چاہیے۔ سردار تنویر الیاس خان کا کہنا تھا کہ مسلح افواج پاکستان قومی سلامتی کی ضامن ہیں، ایسے بیانات ملک کی جڑیں کھوکھلی کرتے ہیں۔

بقیہ 61

تعلیمی مسائل کا شکار بچوں کو ان کی انفرادی ضروریات کے مطابق خاص طریقہ وتدریس استعمال کرتے ہوئے تعلیم دینے کے ساتھ ساتھ بچوں اور ان کی فیملیز کو رہنمائی اور مشاورت بھی فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی طرف سے ان خصوصی بچوں کو مفت یونیفارم 8 سو روپے ماہانہ وظیفہ مفت کتابیں اور بچوں کو سکول لانے اور گھر لے کر جانے کی سہولیات بھی فراہم کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ سلولرز بچوں کے داخلہ کے سلسلے میں سیاسی، سماجی اور سول سوسائٹی بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔

بقیہ 62

، 13 پارٹیوں نے 13 مہینوں میں غریب پر 170 ارب روپے کے ٹیکس لگائے، 50 فیصد مہنگائی کی اور آئی ایم ایف سے بھی کچھ نہیں ملا۔ عدلیہ کب تک صبر وتحمل کا مظاہرہ کرے گی بالآ خر آئین کو نافذ العمل کرنا پڑے گا نہ یہ ریکارڈ جمع کرائیں گینہ پیسے دیں گینہ الیکشن کرائیں گے عدلیہ کو آئینی فیصلے پر مجبور کرائیں گے جو وزیراعظم برطانیہ کی تاج پوشی میں مصروف ہوا سے آٹے کے قحط کی کیا فکر۔

بقیہ 63

فیصل آباد ریفر کردیا گیا۔ 8 سالہ شہروز زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا۔ کار سوار موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرکے کارروائی شروع کردی۔ ایک اور واقعہ میں ڈمپر نے سائیکل سوار کو ٹکر ماردی، حادثہ میں پچاس سالہ شخص جاں بحق ہوگیا۔ ستیانہ روڈ پرتش فارم کے قریب ستارہ گولڈ سٹی کے سامنے ڈمپر نے سائیکل سوار کو ٹکر ماردی حادثہ میں پچاس سالہ شخص ایم اشرف ولد دین محمد ساکن محمد آباد جاں بحق ہوگیا۔ اطلاع لنے پر ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم جائے حادثہ پر پہنچی تاہم مضروب شخص دم توڑ چکا تھا۔ ریسکیو کی امدادی ٹیم نے نعش ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر کے پولیس حکام کے حوالے کردی۔

بقیہ 64

موٹر سائیکلوں کو دفعہ 523، 550 میں ضبط کر کے ٹرمینل مین بند کردیں جبکہ سٹی ٹریفک پولیس کی جانب سے ان کے والدین سے تحریری طور پر ضمانت لی گئی۔

بقیہ 65

سمیت تمام کمزور طبقات کو ایک چھت تلے تحفظ کی فراہمی اولین ترجیحات میں ہے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق تحفظ سینٹر کمزور و محروم طبقات کی مدد کے لئے ایک قدم اور آگے، گونگے بہرے افراد کو سڑک پر درپیش مسائل کے حل کے لئے پاکستان بھر میں پہلی کاوش کرتے ہوئے سڑک پر گونگے بہرے افراد کے مسائل کے پیش نظر پاکستان میں پہلی مرتبہ گاڑیوں موٹر سائیکلوں کے لئے خصوصی نشاندہی سٹکر کا اجراء کردیا، پہلی مرتبہ گونگے بہرے افراد کے لئے ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کے لئے قانونی اقدامات کا تحرک کیا جارہا ہے،

بقیہ 66

کی بندش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا متعلقہ ایس ڈی او واپڈا چوکی شہریوں کا فون اٹھانے سے گریزاں شہریوں نے وفاقی وزیر پانی و بجلی، چیف لیسکو واپڈا لاہور فوری طور پر نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 67

ملزم تیمور سے 15 لیٹر شراب، ملزم افضال سے 10 لیٹر شراب، نیوٹاؤن پولیس نے ملزم حسن سے 10 لیٹر شراب، ملزم جوئیل سے 10 لیٹر شراب برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جائے گی۔

بقیہ 68

آبادی اور غذائی تحفظ کی ضرورت نے پائیدار اور موثر زرعی طریقوں کی مانگ کو تیز کردیا ہے جو ماحولیاتی اثرات کو کم کرتے ہوئے فصلوں کی پیداوار کو بڑھا سکتے ہیں۔ ایروپونک آلو کاشتکاری ان چیلنجوں کا ایک امید افزا حل پیش کرتی ہے، جو پیداوار کو بڑھاتا ہے اور پانی اور کیڑے مار ادویات کے استعمال کو کم کرتا ہے۔ اس جدید تکنیک کے ذریعے، پاکستان پائیدار اور موثر زرعی طریقوں کو حاصل کرتے ہوئے تازہ، اعلیٰ معیار کے آلو کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنا سکتا ہے۔ جمہوریہ کوریا کے سفیر (H.E. Suh Sangpyo) جناب سو سانگ پیو، مہمان خصوصی کے طور پر TCP پر دستخط کی تقریب میں موجود تھے۔ اپنی تقریر کے دوران، انہوں نے پاکستان اور کوریا کے درمیان مشترکہ کوششوں پر روشنی ڈالی، جس میں آلو کے بیج کی پیداوار کا مشترکہ منصوبہ بھی شامل ہے جو تیز رفتاری سے جاری ہے۔ انہوں نے یہ بھی انکشاف کیا کہ پائپ لائن میں اور بھی کئی منصوبے ہیں جن پر جلد کام شروع کر دیا جائے گا۔ مزید برآں انہوں نے پاکستانی پیشہ ور افراد کو ان کی مہارتوں اور علم میں اضافہ کرنے کے لیے زراعت میں تکنیکی تربیت کے مواقع فراہم کر کے دونوں ممالک کے درمیان زیادہ سے زیادہ تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 69

لوگ اپنی خوشی کا اظہار اپنے طریقے سے کرتے ہیں میلے ٹھیلے یہاں کی ثقافت کا ایک اہم جز ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پرنسل گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج اٹک پروفیسر ماجد بھٹی نے میلے کے دوسرے دن فوک میوزیک نائٹ کے موقع پر کیا۔ پروفیسر ماجد وحید بھٹی کا مزید کہنا تھا کہ میلوں کے ذریعے ہم اپنے ملک میں رواداری کی خوشبو پھیلائیں گے جو امن اور انسانیت کے لیے محبت کا پیغام بن کر سامنے آئے گی۔ گندھارن سرزمین نے دنیا کی معروف اور معتبر تہذیبوں کی پرورش کی ہے اور انہوں نے سائنسی، ادبی اور ثقافتی مظاہر کو اجاگر کیا ہے۔

ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کا چیئرمین PTI عمران خان کی گرفتاری پر برہمی کا اظہار

چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ پیش ہو کر بتائیں کہ کیوں کیا، کس مقدمے میں کیا؟ آپ نے غلط کام کیا ہے جس نے بھی کیا ہے

عمران خان کی گرفتاری پر برہمی کا اظہار، آئی جی اسلام آباد، ایڈیشنل اٹارنی جنرل اور سیکرٹری داخلہ کو 15 منٹ میں طلب کرلیا

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی گرفتاری پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے آئی جی اسلام آباد، ایڈیشنل اٹارنی جنرل اور سیکرٹری داخلہ کو 15 منٹ میں طلب کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس نے تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری پر برہمی کا اظہار کیا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہائیکورٹ کی حدود کیاندر عمران خان کو گرفتار کیا گیا ہے، گرفتاری کیدوران اسلام آباد ہائیکورٹ کے شیشے بھی توڑے گئے۔، چیف جسٹس ہائیکورٹ نے برہم ہوتے ہوئے کہا یہ آپ نے کیا کیا ہے؟ لا اینڈ آرڈر کی صورتحال ہے، میں تحمل کا مظاہرہ کر رہا ہوں، آئی جی اسلام آباد، ایڈیشنل اٹارنی جنرل اور سیکرٹری داخلہ 15 منٹ میں پیش ہوں، اگر 15 منٹ میں پیش نہ ہوئے تو وزیراعظم کو طلب کرلوں گا۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ پیش ہو کر بتائیں کہ کیوں کیا، کس مقدمے میں کیا؟ آپ نے غلط کام کیا ہے جس نے بھی کیا ہے۔ چیف جسٹس نے ایڈووکیٹ جنرل کو ہدایت کی کہ فوری طور پر بتائیں عمران خان کو کس نے گرفتار کیا۔ گرفتاری کیدوران اسلام آباد ہائیکورٹ کے شیشے بھی توڑے گئے۔، چیف جسٹس ہائیکورٹ نے برہم ہوتے ہوئے کہا یہ آپ نے کیا کیا ہے؟ لا اینڈ آرڈر کی صورتحال ہے، میں تحمل کا مظاہرہ کر رہا (بقیہ نمبر 51)

میرے پاس فیض حمید کے خلاف ثبوت تھے، شوکت عزیز صدیقی

عمران خان بغیر ثبوت کے الزامات لگا رہے ہیں، سابق جج اسلام آباد ہائیکورٹ

جتنا سنگین الزام ہو ثبوت نہ ہو تو عدالت میں بے معنی ہے، شوکت عزیز صدیقی کی گفتگو

لاہور (خصوصی رپورٹر) سابق جج اسلام آباد ہائیکورٹ شوکت عزیز صدیقی نے کہا ہے کہ ان کے پاس سابق ڈی جی آئی ایس آئی فیض حمید کے خلاف ثبوت تھے، عمران خان بھی ثبوت لائیں۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان بغیر ثبوت کے الزامات لگا رہے ہیں۔ سابق جج اسلام آباد ہائیکورٹ شوکت عزیز صدیقی نے مزید کہا کہ عمران خان محض فوج کے اعلیٰ افسر کو بدنام نہیں کر رہے بلکہ وہ پورے ادارے کو بدنام کر رہے ہیں۔ سابق جج نے کہا کہ سرخ دائرہ لگانے کی بات عمران خان نے خود کی تھی۔ جتنا سنگین الزام ہو ثبوت نہ ہو تو عدالت میں بے معنی ہے۔ دوسری جانب عمران خان نے ایک ویڈیو (بقیہ نمبر 52)

تنویر الیاس کا پاکستان کی سطح پر نئی جماعت بنانے کا فیصلہ

سردار تنویر الیاس نے '' تحریک انصاف محب وطن'' کے نام سے جماعت بنانے کا فیصلہ کرلیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سابق وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سے علیحدگی کے بعد اپنی سیاسی جماعت بنانے کا فیصلہ کر لیا۔ سابق وزیراعظم آزاد کشمیر تنویر الیاس نے پاکستان کی سطح پر نئی جماعت بنانے کا فیصلہ کرلیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس نے '' تحریک انصاف محب وطن'' کے نام سے جماعت بنانے کا (بقیہ نمبر 60)

لاہور: لاہور ماسٹر پلان 2050 پر عملدرآمد روکنے کے حکم امتناع میں مزید توسیع

راولپنڈی پولیس کی ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 07 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم حبیب الرحمان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم شاہ زیب سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، (بقیہ نمبر 53)

عوامی نیشنل پارٹی خیبر پختونخوا نے عام انتخابات کیلئے مزید 2 قومی اور 7 صوبائی حلقوں کیلئے امیدواروں کا اعلان کردیا

پشاور (جنرل رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی خیبر پختونخوا نے عام انتخابات کیلئے مزید 2 قومی اور 7 صوبائی حلقوں کیلئے امیدواروں (بقیہ نمبر 59)

گورنمنٹ انسٹی ٹیوٹ فار سلولرنرز سیالکوٹ میں خصوصی بچوں کیلیے داخلے شروع

سیالکوٹ (جنرل رپورٹر) گورنمنٹ انسٹی ٹیوٹ فار سلولرنرز سیالکوٹ میں خصوصی بچوں کے لیے داخلے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ادارہ کی ہیڈ مسٹریس رابیل افتخار چیمہ نے میڈیا کو بتایا کہ گورنمنٹ انسٹی ٹیوٹ فار سلولرنرز سیالکوٹ میں ہم (بقیہ نمبر 61)

پی اے سی میں ججوں کو دھمکی عدلیہ سے کھلی جنگ کے مترادف ہے، شیخ رشید

عدلیہ کب تک صبر وتحمل کا مظاہرہ کرے گی بالآخر آئین کو نافذ العمل کرنا پڑے گا، نہ یہ ریکارڈ جمع کرائیں گے

وزیراعظم برطانیہ کی تاج پوشی میں مصروف ہوا سے آٹے کے قحط کی کیا فکر، حکومت عوام میں نفرت کا نشان بن چکی ہے، سربراہ عوامی مسلم لیگ

راولپنڈی (خبرنگار) عوام مسلم لیگ کے سربراہ و سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ پبلک اکانٹس کمیٹی میں ججوں کی انکوائری اور ججوں کو تختہ دار پر لٹکانے کی دھمکی عدلیہ سے کھلی جنگ کے مترادف ہے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک پیغام میں سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ عدلیہ کب تک صبر وتحمل کا مظاہرہ کرے گی بالآخر آئین کو نافذ العمل کرنا پڑے گا، نہ یہ ریکارڈ جمع کرائیں گے، نہ پیسے دیں گے نہ الیکشن کرائیں گے، عدلیہ کو آئینی فیصلے پر مجبور کرائیں گے۔ پی اے سی میں ججوں کی انکوائری اور ججوں کو تختہ دار میں لٹکانے کی دھمکی عدلیہ سے کھلی جنگ کے مترادف ہے خود تو عوام میں تنہا ہوئے پاکستان کو بھی دنیا میں تنہا کردیا ہے۔ یہ پارلیمانی ریکارڈ بھی جمع نہیں کرائیں گے بلکہ سازش کے تحت حالات خراب کرائیں گے تاکہ گھر جانے میں آسانی ہو سربراہ عوامی مسلم لیگ نے کہا جو وزیراعظم برطانیہ کی تاج پوشی میں مصروف ہوا سے آٹے کے قحط کی کیا فکر، حکومت عوام میں نفرت کا نشان بن چکی ہے (بقیہ نمبر 62)

آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی دورہ عمان میں اہم ملاقاتیں

ملاقاتوں میں فریقین نے باہمی دلچسپی کے مختلف عسکری موضوعات پر تبادلہ خیال کیا

مسقط (جنرل رپورٹر) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے دورہ عمان کے دوران اہم ملاقاتیں کی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آرمی چیف جو سرکاری دورے پر عمان ہیں وہاں المرتضیٰ گیریژن (بقیہ نمبر 14)

لاہور: عمران خان کی گرفتاری کیخلاف ملک بھر میں احتجاج، بڑے شہروں میں دفعہ 144 نافذ

عوامی مینڈیٹ چرانے والے رسوا ہوں گے، لیاقت بلوچ

ریاستی طاقت سے عوام کی نمائندگی کے دعویدار عوامی مسائل اور بحرانوں میں ہی اضافہ کریں گے

لاہور (نیوز رپورٹر) نائب امیر جماعتِ اسلامی، سابق پارلیمانی لیڈر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ عوامی مینڈیٹ چرانے والے رسوا ہوں گے، کراچی کے عوام نے جماعتِ اسلامی پر بڑا اعتماد کردیا (بقیہ نمبر 15)

امریکہ یا کسی اور ملک کے ساتھ کوئی مسائل نہیں جہاں سے سستا تیل ملا خریدیں گے، مصدق ملک

روس سے پہلی کھیپ پہنچنے کے بعد اندازہ لگایا جائے گا کہ آئندہ کتنی مقدار میں درآمد کی ضرورت ہوگی

اگر ہمیں پیٹرولیم مصنوعات سستے داموں میں ملتی ہیں تو ہم روس کے پاس جائیں گے۔ وزیر مملکت کا انٹرویو

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ جہاں سے سستا تیل ملا خریدیں گے۔ تفصیلات کے مطابق انہوں نے غیر ملکی نیوز ایجنسی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ روس سے تیل کی پہلی کھیپ پہنچنے کے بعد اندازہ لگایا جائے گا کہ آئندہ کتنی مقدار میں درآمد کی (بقیہ نمبر 17)

عمران خان کی گرفتاری کی ویڈیو سامنے آ گئی

رینجرز اہلکاروں کی بڑی تعداد عمران خان کو گرفتار کرکے گاڑی تک لے گئی

ذرائع کے مطابق عمران خان پرسکون بیٹھے تھے، شیشے توڑ کر عمران خان کو گرفتار کیا گیا

اسلام آباد (خبرنگار) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو گرفتار کر لیا گیا۔ رینجرز نے سابق وزیراعظم کو حراست میں لیا۔ عمران خان کو اسلام آباد ہائیکورٹ احاطے سے گرفتار کیا گیا۔ نیب نے القادر ٹرسٹ کیس میں سابق وزیراعظم کو گرفتار کیا، عمران خان کی گرفتاری کے دوران وکلا اور پولیس میں (بقیہ نمبر 18)

چیئرمین پی ٹی آئی کی گرفتاری قابل قبول نہیں، شاہ محمود قریشی

عدالت کے شیشے توڑے گئے اور تشدد کیا گیا، عمران خان کے گارڈز پر حملہ کیا گیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں نے رد عمل دیا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما شاہ محمود قریشی نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان کی گرفتاری کی مذمت کرتا ہوں، بھونڈے انداز میں عمران خان کو گرفتار کیا گیا، عمران خان نے اسلام آباد روانگی سے قبل کہا تھا وارنٹ دکھائیں، گرفتاری دے دوں گا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان عدالت میں بائیو میٹرک کرا رہے تھے، ان کی (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: عمران خان اشتعال انگیز الزامات سے اپنے کارکنان کو اکسا رہے ہیں، شیری رحمان

حکومت کا موسم گرما کی چھٹیوں میں سرکاری سکولوں کے طلبا وطالبات کے لئے تین ماہ دورانیہ کے مختلف کورسز مفت کرانے کا فیصلہ

لاہور (نیوز رپورٹر) محکمہ صنعت وتجارت اور ٹیوٹا پنجاب کے زیر اہتمام موسم گرما کی چھٹیوں میں سرکاری سکولوں کے طلبا وطالبات کو فنی تربیت سے آراستہ کرنے کیلئے تین ماہ دورانیہ کے مختلف کورسز کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جن کیلئے طلبا وطا (بقیہ نمبر 16)

لاہور ہائیکورٹ نے سیشن کورٹ سے سزائے موت پانیوالے مجرم کی سزا کو عمر قید میں تبدیل کردیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے سیشن کورٹ سے سزائے موت پانیوالے مجرم کی سزا کو عمر قید میں تبدیل کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مجرم وسیم ریاض نے اپنے مخالف محمد عباس (بقیہ نمبر 19)

سیشن کورٹ نے اغواو زیادتی کے مقدمہ میں ملوث مجرم کو 2 بار سزائے موت سنادی

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) سیشن کورٹ نے اغواو زیادتی کے مقدمہ میں ملوث مجرم کو 2 بار سزائے موت اور جرمانہ کی سزا کا حکم سنادیا ہے۔ استغاثہ کے مطابق مجرم نے کچھ عرصہ قبل تھانہ پیپلز کالونی کے علاقہ سے کمسن بچی کو اغوا کرنے کے بعد زیادتی (بقیہ نمبر 29)

سرگودھا، ذخیرہ اندوزوں کے خلاف ایکشن، 700 بوری گندم برآمد، گودام اور سٹور کو سیل کردیا گیا

سرگودھا (سٹی رپورٹر) ذخیرہ اندوزوں کے خلاف ایکشن میں 700 بوری گندم برآمد کرکے گودام اور سٹور کو سیل کر دیا گیا اور مالکان کے خلاف کاروائی جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 31)

کوہاٹ، اراضی تنازعہ پر لڑکی قتل، 3 خواتین زخمی

واردات کے بعد ملزم جائے وقوعہ سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے

پشاور (جنرل رپورٹر) کوہاٹ کے ملحقہ علاقے قبائلی سب ڈویژن درہ آدم خیل میں اراضی کے تنازعے پر فائرنگ کے دوران لڑکی جاں بحق اور 3 خواتین زخمی ہوگئیں۔ درہ آدم خیل پولیس کے مطابق درہ آدم خیل کے علاقے قاسم خیل میں اراضی کے تنازعے پر ہدایت خان اور اس کے بیٹے سجاد، اکرام، محب علی، حفیظ خان نے فائرنگ کرکے مخالف فریق کی جواں سال لڑکی کو قتل کر دیا جبکہ دیگر 3 خواتین یاسمین، تہمینہ اور رابعہ زخمی ہوگئیں۔ واردات کے بعد ملزم جائے وقوعہ سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ ریسکیو ٹیم نے نعش اور 3 زخمی خواتین کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔ پولیس نے مبینہ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ اراضی کے تنازعے پر فائرنگ کے دوران لڑکی جاں بحق اور 3 خواتین زخمی ہوگئیں۔ درہ آدم خیل پولیس کے مطابق درہ آدم خیل کے علاقے قاسم خیل میں اراضی کے تنازعے پر ہدایت خان اور اس کے بیٹے سجاد، اکرام، محب علی، حفیظ خا (بقیہ نمبر 50)

گوجر خان بار ایسوسی ایشن کے ماہر قانون دان قدیر عباس بھٹی کی کامیابی

اقدام قتل کے ملزم کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور کرلی ملزم کامران احمد پر الزام تھا

معزز عدالت نے مدلل دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے اقدام قتل کے ملزم ضمانت منظور

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجر خان بار ایسوسی ایشن کے ماہر قانون دان قدیر عباس بھٹی کی کامیابی معزز عدالت نے قدیر عباس بھٹی کے مدلل دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے اقدام قتل کے ملزم کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور کر لی ملزم کامران احمد پر الزام تھا کہ مورخہ 30 مارچ 2023 کو 3:30 بجے دن ندیم اے ایس آئی کو اس کے ڈیم پر پسٹل سے فائر کرکے مضروب کر دیا جس سے مستغیث کی دائیں ٹانگ فریکچر ہوگئی ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 519/23 تھانہ گوجر خان بجرم 324 درج تھا ملزم کی ضمانت قبل از گرفتاری بعدالت جناب مبشر (بقیہ نمبر 54)

خیبر پختونخوا میں صحت کارڈ کی معطلی کا خطرہ ٹل گیا

اسٹیٹ لائف نے حکومت کو واجبات کی ادائیگی کے لیے مزید 3 دن کی مہلت دے دی

پشاور (جنرل رپورٹر) خیبر پختونخوا میں صحت کارڈ پر مفت علاج آج سے بند نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اسٹیٹ لائف نے حکومت کو واجبات کی ادائیگی کے لیے مزید 3 دن کی مہلت دے دی۔ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے مطابق حکومت نے واجبات کی ادائیگی کی یقین دہانی کرائی ہے۔ حکومت کے ذمے 6 ارب روپے بقایا ہے، جس کی عدم ادائیگی پر کارپوریشن نے مفت علاج آج سے معطل کرنے کا فیصلہ کیا تھا خیبر پختونخوا میں صحت کارڈ پر مفت علاج آج سے بند نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اسٹیٹ لائف نے حکومت کو واجبات کی ادائیگی کے لیے مزید 3 دن کی مہلت دے دی۔ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے مطابق حکومت نے واجبات کی ادائیگی کی یقین دہانی کرائی ہے۔ حکومت کے ذمے 6 ارب روپے بقایا ہے، جس کی عدم ادائیگی پر کارپوریشن نے مفت علاج آج سے معطل کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے مطابق حکومت نے واجبات کی ادائیگی کی (بقیہ نمبر 57)

تھانہ سٹی پولیس کی کاروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تھانہ سٹی پولیس کی کاروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم ٹیپن کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم گزشتہ سال سے تھانہ سٹی پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی راول فیصل سلیم کا (بقیہ نمبر 58)

اسلام آباد: اٹارنی جنرل کی پارلیمنٹ کی کارروائی کا ریکارڈ سپریم کورٹ میں جمع کرانے کی یقین دہانی

مخبری کرنے کے شک پر نوجوانوں کو ننگا کر کے تشدد کا نشانہ بنادیا گیا ویڈیو وائرل

رفعت شاہ، وحید امتیاز دیگر ساتھیوں کے ساتھ مجھے اٹھا کر ڈیرے پر لے گئے، مدعی مقدمہ

مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے ریڈز کیے جا رہے ہیں، SHO

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجر خان کے نواح وارڈ نمبر 16 ڈھوک حیات علی میں مخبری کرنے کے شک پر 2 نوجوانوں کو ڈیرے پر لے جا کر انکو ننگا کر کے تشدد کرنے کے واقعہ کا مقدمہ متاثرہ شہری کی مدعیت میں درج ایس ایچ او تھانہ گوجر خان ملک محمد نواز نے کہا کہ متاثرہ شہری کی درخواست پر فی الفور تمام نامزد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ملزمان تا حال روپوش ہیں انکی گرفتاری کے پولیس کی ریڈنگ پارٹیاں تشکیل دے کر ریڈ کیے جا رہے جلد ہی تمام (بقیہ نمبر 28)

سوئی ناردرن گیس نے نادہندہ سرکاری اداروں اور محکموں کو گیس بلز کی عدم ادائیگی پر نوٹسز جاری کر دیئے

وفاقی اور صوبائی سرکاری ادارے، کسی بھی طرح کے انتہائی اقدام سے بچنے کے لئے جلد از جلد اپنے واجبات ادا کریں، سوئی ناردرن گیس

واجبات کی ادائیگی کے لیے حتمی نوٹس جاری کیے جا چکے ہیں، وفاقی وصوبائی محکموں پر سوئی ناردرن کے 70 کروڑ سے زائد رقم واجب الادا

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) سوئی ناردرن گیس کی جانب سے درج ذیل سرکاری اداروں / محکموں کو بارہا گیس بلز کی ادائیگی کیلئے یاددہانی کے نوٹسز کا اجرا کیا گیا ہے۔ سوئی ناردرن گیس ذرائع ابلاغ کے توسط سے ان نادہندہ وفاقی اور صوبائی سرکاری اداروں کو مطلع کرتی ہے کہ کسی بھی طرح کے انتہائی اقدام سے بچنے کے لئے جلد از جلد اپنے واجبات ادا کریں۔ ان نادہندگان کو اپریل 2023 میں واجبات کی ادائیگی کے لیے حتمی نوٹس جاری (بقیہ نمبر 12)

پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ایک سادہ اور پروقار تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو

پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ایک سادہ اور پروقار تقریب

تھیلیسیمیا کا مرض بچوں میں اس وقت منتقل ہوتا ہے جب ماں اور باپ دونوں اس سے متاثر ہوں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) کو عالمی یوم تھیلیسیمیا کے حوالے سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ایک سادہ اور پروقار تقریب میں ایف پی سی سی آئی کی سی ایس آر کمیٹی نے " تھیلیسیمیا فری پاکستان پروگرام کا آغاز کیا۔ اس پروگرام کا مقصد تھیلیسیمیا جیسے لاعلاج مرض کو جڑ سے ختم کرنا ہے۔ ابتدا یہ پروگرام کراچی سے شروع کیا جائے اور پھر اس کا دائرہ بتدریج پورے ملک میں پھیلایا جائے گا۔ تھیلیسیمیا کا مرض بچوں میں اس وقت منتقل ہوتا ہے جب ماں اور باپ دونوں اس سے متاثر ہوں۔ پروگرام میں ایف پی سی سی آئی کے چیرمین مسٹر سلمان چاولہ، سہارا فار لائف (بقیہ نمبر 20)

گوجر خان میں چور ڈکیت گینگز نے ایک بار پھر پنجے گاڑھنے شروع کردیے

24 گھنٹوں میں چوری ڈکیتی دو وارداتیں اہل خانہ کی غیر موجودگی میں چوروں نے گھر کا صفایا کردیا

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجر خان کی حدود میں چور ڈکیت گینگ نے پھر سے پنجے گاڑھنے شروع کر دیے 24 گھنٹوں میں چوری ڈکیتی کی دو وارداتیں گزشتہ روز کریانہ شاپس پر ڈکیتی کی دلیرانہ واردات کے بعد مطوعہ کے رہائشی ٹی ایم اے کے اہلکار کے گھر میں چوری کی واردات چوروں نے اہل خانہ کی غیر موجودگی میں تالے توڑ کر گھر سے طلائی زیورات نقدی اور قیمتی (بقیہ نمبر 21)

رینجرز نے عمران خان پر تشدد کیا، بیرسٹر علی گوہر کا دعویٰ

عمران خان کو زخمی ٹانگ پر بھی مارا گیا، عمران خان کو سر اور ٹانگ پر مارا گیا

انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان کو گرفتار کرنے اور تشدد کرنے والے رینجرز کے اہلکار تھے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) بیرسٹر علی گوہر نے دعویٰ کیا ہے کہ رینجرز نے پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کو گرفتاری کے دوران تشدد کا نشانہ بنایا ہے۔ بیرسٹر علی گوہر کا میڈیا سے گفتگو کے دوران کہنا تھا کہ ڈائری برانچ میں عمران خان کے ساتھ میں اور علی بخاری موجود تھے، رینجرز والے شیشے (بقیہ نمبر 27)

ایڈیٹرانچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

عمران خان کے طبی معائنے کیلئے دوسرا میڈیکل بورڈ تشکیل دے دیا گیا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) عمران خان کے طبی معائنے کیلئے دوسرا میڈیکل بورڈ تشکیل دے دیا گیا، پمز ہسپتال کے ڈاکٹرز پر مشتمل میڈیکل بورڈ تشکیل دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس میں ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کا طبی معائنہ کونسا میڈیکل بورڈ کرے گا، ابھی طے نہیں ہوا تاہم سابق وزیراعظم کا طبی معائنہ پمز یا پولی کلینک کا میڈیکل بورڈ کرے گا، عمران خان کے معائنے کیلئے پولی کلینک (بقیہ نمبر 48)

ٹریفک پولیس پشاور کی ون ویلرز کے خلاف کارروائی، 12 افراد گرفتار

پشاور (کرائم رپورٹر) ٹریفک پولیس پشاور نے ناردرن بائی پاس پر ون ویلنگ کرنے والے 12 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے موٹر سائیکلیں ٹرمینل میں بند کر دیں۔ پولیس حکام کے مطابق ٹریفک پولیس نے ون ویلنگ کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 12 افراد کو گرفتار کر کے (بقیہ نمبر 64)

راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف موثر کاروائیاں

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف موثر کاروائیاں، 06 ملزمان گرفتار، 73 بوتل اور 60 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے ملزم شیو المحبوب سے 73 بوتل شراب، رتہ امرال پولیس نے ملزم بلال سے 15 لیٹر شراب، (بقیہ نمبر 67)

اسلام آباد، انٹرنیشنل ہیومن رائٹس فاؤنڈیشن نے سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کی مذمت کردی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس فاؤنڈیشن نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کی مذمت کردی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان کو اسلام آباد ہائیکورٹ کے احاطے سے رینجرز نے گرفتار کیا ہے۔ انہیں القادر ٹرسٹ کے نیب کیس میں گرفتار کیا گیا تھا جس کے وارنٹ نیب نے یکم مئی کو جاری کیے (بقیہ نمبر 11)

الخدمت فاؤنڈیشن غریب و مستحق افراد کو، دہلیز پر علاج و معالجہ کی جو سہولت فراہم کر رہی ہے

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) علاقے کے ممتاز زمیندار رہنما اور سینئر صحافی پریس کلب ڈگری کے سرپرست اعلیٰ "امان اللہ مہر " نے کہا ہے کہ الخدمت فاؤنڈیشن غریب و مستحق افراد (بقیہ نمبر 22)

پنجاب بھر میں 1122 ٹریفک حادثات میں 09 افراد جاں بحق 1185 زخمی

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب ایمرجنسی سروس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1122 ٹریفک حادثات پر (بقیہ نمبر 25)

لاہور: عمران خان کی گرفتاری پر لیگی رہنماں کا جشن، مٹھائیاں تقسیم

عمران خان کی گرفتاری پر مختلف شہروں میں احتجاج سڑکیں بند

پی ٹی آئی قیادت کی عوام سے گھروں سے نکلنے کی اپیل، عمران خان کی گرفتاری کو عدلیہ پر حملہ قرار دے دیا

سابق وزیراعظم اور قوم کے رہنما عمران خان کی عدالت کے احاطے سے گرفتاری آئین کی کھلی خلاف ورزی ہے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) تحریک انصاف نے اپنے چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے خلاف ملک بھر میں احتجاج کی کال دے دی جس پر کئی شہروں میں پی ٹی آئی کارکنوں ں نے سڑکیں بند کردیں۔ میڈیا کے مطابق القادر یونیورسٹی کیس میں نیب نے رینجرز کی مدد سے پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے احاطے سے گرفتار کرلیا ہے جس کے بعد سے پی ٹی آئی کی قیادت نے کارکنوں کو ملک بھر میں احتجاج کی کال دے دی پی ٹی آئی رہنما چوہدری فواد حسین نے عوام سے گھروں سے باہر نکلنے کی اپیل کی اور گرفتاری کو عدلیہ پر حملہ قرار دے دیا۔ پی ٹی آئی سندھ کے صدر و سابق وفاقی وزیر علی زیدی نے اپنے ٹویٹ میں کہا ہے کہ سابق وزیراعظم اور قوم کے رہنما عمران خان کی عدالت کے احاطے سے گرفتاری آئین کی کھلی خلاف ورزی ہے، یہ ملک اس قسم کے فاشزم کا مزید متحمل نہیں ہوسکتا، قوم کو اٹھنا ہوگا، اس ملک کو بند کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ پی ٹی آئی قیادت کی کال پر مختلف شہروں میں کارکنوں کی (بقیہ نمبر 55)

اٹک میں ثقافتی میلے کا دوسرا دن، حکمت اعوان اور محمد حمزہ کی شاندار پرفارمنس

اٹک (سٹی رپورٹر) پاکستان کی ثقافت اقوام عالم میں اپنی مثال آپ ہے اس کی اکائیوں کی ثقافت کا مجموعہ پاکستان کی ثقافت ہے، اس کی اکائیوں میں صوبہ پنجاب کی ثقافت اپنی انفرادیت کی وجہ سے پوری دنیا میں پہچانی جاتی ہے، یہاں کے (بقیہ نمبر 56)

کراچی: عمران خان کی گرفتاری کے تانے بانے لندن سے ملتے ہیں: شاہ محمود قریشی

تحفظ سینٹر کمزور ومحروم طبقات کی مدد کے لئے ایک قدم اور آگے، آئی جی پنجاب

گونگے بہرے افراد کو سڑک پر درپیش مسائل کے حل کے لئے پاکستان بھر میں پہلی کاوش

خصوصی نشاندہی سٹکرز کا اجراء، ٹرانسجینڈرز کے لئے بھی باعزت روزگار کے مواقع کا انتظام،

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق تحفظ سینٹر کمزور ومحروم طبقات کی مدد کے لئے ایک قدم اور آگے، گونگے بہرے افراد کو سڑک پر درپیش مسائل کے حل کے لئے پاکستان بھر میں پہلی کاوش، سڑک پر گونگے بہرے افراد کے مسائل کے پیش نظر پاکستان میں پہلی مرتبہ گاڑیوں موٹر سائیکلوں کے لئے خصوصی نشاندہی سٹکرز کا اجراء، ٹرانسجینڈرز کے لئے بھی باعزت روزگار کے مواقع کا انتظام، راولپنڈی پولیس نے 14 مزید ٹرانسجینڈرز کے لئے ٹیلرنگ اور این جی او میں نوکریوں کا انتظام کر دیا، ٹرانسجینڈرز، گونگے بہرے افراد، سپیشل افراد، لاوارث بچوں (بقیہ نمبر 65)

پتوکی کے مختلف علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جاری شہری بلبلا اٹھے

پتوکی نواحی علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 12 سے 18 گھنٹوں تک پہنچ گیا

پتوکی (نیوز رپورٹر) پتوکی کے مختلف علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جاری شہری بل بلا اٹھے شہریوں کا وفاقی وزیر پانی، بجلی، چیف لیسکو لاہور سے فوری طور پر نوٹس لینے کا مطالبہ۔ پتوکی نواحی علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 12 سے 18 گھنٹوں تک پہنچ گیا ہنجرائے خورد، 37 چک سمیت دیگر علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جاری علاقے اندھیرے میں ڈوب گئے بجلی (بقیہ نمبر 66)

امریکی وفد کی جانب سے پاکستان میں گرین امونیا منصوبوں پر کام کرنے میں دلچسپی کا اظہار

پاکستان امریکہ کے ساتھ مل کر صاف اور گرین انرجی کی جانب منتقلی کو آگے بڑھانا چاہتا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان اور امریکہ کے درمیان سرکاری اور نجی شعبوں میں گرین اور قابل تجدید توانائی کے شعبوں میں نئے کاروباری مواقعوں کو فروغ دینے کے لیے روڈ میپ تیار کرنے پر اتفاق امریکہ کی جانب سے منتخبہ منصوبوں کی فزیبلٹی اسٹڈیز کے لیے مالی اور تکنیکی (بقیہ نمبر 9)

لاہور پولیس ملازمین کے لئے ہیلتھ سکریننگ کیمپ کا افتتاح کر دیا گیا

9 سے 11 مئی تک جاری رہنے والے کیمپ میں 2000 ہزار سے زائد پولیس ملازمین کی سکریننگ،

لاہور (جنرل رپورٹر) محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر اور پنجاب پولیس کے مشترکہ تعاون سے قربان لائن لاہور میں پولیس ملازمین کے لئے ہیلتھ سکریننگ اور ٹریٹمنٹ کیمپ لگایا گیا۔ سپیشل سیکرٹری صحت عمارہ خان، فاطمہ شیخ اور ایس ایس پی ٹیلی کمیونیکیشن پولیس اسد سرفراز نے (بقیہ نمبر 10)

پاکستان ایروپونکس کے ذریعے آلو کے بیج کی پیداوار میں خود کفالت حاصل کر سکتا ہے، ڈاکٹر غلام محمد علی

پاکستانی پیشہ ور افراد کو ان کی مہارتوں کو بڑھانے کے لیے زرعی تربیت کے مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ جمہوریہ کوریا کے سفیر جناب مسٹر سو سانگ پیو

جمہوریہ کوریا کے سفیر (H.E. Suh Sangpyo) جناب سو سانگ پیو، مہمان خصوصی کے طور پر TCP پر دستخط کی تقریب میں موجود تھے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) شعبہ تعلقات عامہ، پی اے آر سی: (پاکستان کے آلو کے شعبے میں ایروپونک آلو فارمنگ متعارف ہونے سے ایک بڑی تبدیلی آنے والی ہے کیونکہ یہ ایک جدید تکنیک ہے جو صنعت میں انقلاب لانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ملک کی تیزی سے بڑھتی ہوئی (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد: جمہوریہ کوریا کے سفیر(H.E. Suh Sangpyo) جناب سوسانگ پیو، مہمان خصوصی کے طور پر TCP پر دستخط کی تقریب میں موجود ہیں

عمران خان کی گرفتاری کے بعد ن لیگ کے اکاؤنٹ سے کیا ٹوئٹ کیا گیا۔۔؟

مسلم لیگ ن نے اپنے آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ پر عمران خان کی گرفتاری کی خبر شیئر کی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین عمران خان کی گرفتار کے بعد پاکستان مسلم لیگ ن کا ٹوئٹ سامنے آیا ہے۔ مسلم لیگ ن نے اپنے آفیشل (بقیہ نمبر 24)

عمران خان کے وارنٹ گرفتاری یکم مئی کو جاری ہوئے، نیب

ذرائع کے مطابق نیب نے عمران خان کو نیشنل اکاونٹیبلٹی آرڈیننس 1999 کے سیکشن 9 اے کے تحت گرفتار کیا

اسلام آباد میں دفعہ 144 پہلے سے ہی نافذ تھی، وزارت داخلہ کے حکم پر رینجرز وہاں قانون کی عملداری کے لیے موجود تھی

اسلام آباد: عمران خان کے طبی معائنے کیلئے پولی کلینک اور پمز کے 2 میڈیکل بورڈز تشکیل

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) قومی احتساب بیورو (نیب) نے عمران خان کی گرفتاری پر بیان جاری کردیا۔ نیب کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ عمران خان کے وارنٹ گرفتاری یکم مئی کو جاری ہوئے اور انہیں القادر ٹرسٹ کیس میں گرفتار کیا گیا ہے۔ نیب کا کہنا ہے کہ رینجرز نے عمران خان کو حراست میں نہیں لیا، اسلام آباد میں دفعہ 144 پہلے سے ہی نافذ تھی، وزارت داخلہ کے حکم پر رینجرز وہاں قانون کی عملداری کے لیے موجود تھی۔ نیب نے مزید کہا کہ گرفتاری کا حکم نیب کی جانب سے تھا اور اس پر عمل درآمد بھی نیب نے ہی کیا ہے۔ نیب اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ عمران خان پر (بقیہ نمبر 26)